یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبرِ راہ زندگانی ہیں!

JUNE 2019

ABC Certified/CPNE Member

GOLDEN YEARS 72 سالہ مسلسل اشاعت

آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی

آئینہ قسمت

لاہور

مصورِ قرآن ظہور کاظمی کی بیٹی کی شادی کے موقع پر روحانی پیشواڈاکٹر سیّد مسعود السیّد، دولہا سیّد آفتاب قطب، سیّد انتظار حسین زنجانی پیر سیّد علی شہباز، سیّد افضال حسین زنجانی، سیّد مقدس کاظمی، سرفراز زنجانی، پیر سیّد مسعود حسین بخاری، علامہ ایاز ظہیر ہاشمی، نسیم الحق زاہدی

بیادحضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

مولا علی علیہ السلام

لوگوں کے ساتھ ایسا میل جول رکھو کہ مرجاؤ تو گریہ کریں اور زندہ رہو تو تمہارے مشتاق رہیں۔

نہج البلاغہ ، قول ۱۰

کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2
54660
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ نزد مین مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
A-19 جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل کاف کلب آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ وہمدرد دواخانہ آرام باغ روڈ، کراچی۔74200
Ph: 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد
سید علی رضا کاظمی

بھول نہ بندے تو فرمانِ خدا
مرغ سحری دے رہا ہے یہ سدا

تجھ سے قائم ہے جہانِ رنگ و بُو
مانتا ہے سب جہاں تجھ کو خدا

رحمتوں کے سائے میں رہتا ہوں میں
سب عنایت ہے تیری، تیری رضا

چل رہا ہے جو نظامِ آب و گل
درحقیقت بولتی تیری صناع

قائم ہے تیرے ہی دم سے کُل جہاں
دیکھنا چاہتا ہے اِس سے بڑھ کر کیا

رہ رہا ہے سکھ و چین سے جو نصیرؔ
ہے رحمت رب جہاں، رب کی رضا

نعت
پروفیسر نصیر احمد نصیرؔ

اوج پر اپنے نصیبے کا ستارہ ہو گا
جب بھی رکنے کا مدینے میں اشارہ ہو گا

خام خیالی ہے مسلمان کی اور کچھ بھی نہیں
"جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نہ ہوا کب وہ ہمارا ہو گا"

جان جو نامِ محمدؐ پر نچھاور کر دے
بس وہی شخص مری آنکھ کا تارا ہو گا

رشک رضوان مقدر پہ کریں کیوں نہ میرے
جب مدینے کا نگاہوں میں نظارہ ہو گا

خود ہی امداد کو آجائیں گے آقا میرے
صدقِ دل سے جو کبھی اُن کو پکارا ہو گا

دیدنی کتنا رضا روضے کا منظر ہو گا
آنکھ راستے جب دل میں اُتارا ہو گا

منقبت
سید علی رضا کاظمی

نمازِ شکر جو پڑھتا رہا ہے
اِسی عابد کے سجدوں میں ضیا ہے

یہ اِک بیمار نے قوت سے
یزیدِ وقت کو جھٹکا دیا

تیری ہمت پہ حیراں انبیاءؑ
پہن کر بیڑیاں کیسے چلا

کتابِ درد کے ہر اِک ورق پر
فقط سجادؑ ہی لکھا ہوا ہے

یزیدی فکر کو جس نے مٹایا
حسینؑ ابنِ علیؑ کا لاڈلا ہے

رضاؔ اِس ذکر کا اعجاز دیکھو
قلم مدحت کو لکھ کر جھومتا ہے

عالمی و سیاسی پیشگوئیاں جون 2019ء

زائچہ نیو مون	9 سنبلہ 27	بحساب ویدک
بتاریخ 03 جون 2019ء اسلام آباد، بوقت 15 بجکر 02 منٹ		

زائچہ فل مون	22 سنبلہ 19	بحساب ویدک
بتاریخ 17 جون 2019ء اسلام آباد، بوقت 13 بجکر 30 منٹ		

اپوزیشن جماعتوں کا اکٹھا ہو کر حکومت کے خلاف بھرپور تحریک چلانے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے سبب عوامی غم و غصہ بھی اپوزیشن پارٹیوں کی ہمدردی کا باعث

نئے معدنیاتی ذخائر کی دریافت تھر کول پٹرولیم آئل اینڈ گیس کے بھی نئے ذخائر ملیں۔ موسمی ناگہانی تبدیلیاں بعض جگہوں پر سیلاب سے فصلوں کو نقصان کا اندیشہ

زائچہ پاکستان میں **6 جون تا 28 جولائی دور عطارد**:۔ ستارہ عطارد دوسرے پانچواں کا مشترکہ حاکم ہو کر ساتویں ہونے سے ملکی معیشت میں دوست ممالک یا IMF کے قرضوں کی بدولت مہنگائی میں مصنوعی اضافہ ہوگا جاری ترقیاتی منصوبوں میں تیزی آئے۔ سی پیک، اورنج لائن ٹرین، میٹرو بس اور ان جیسے ممکنہ منصوبے تکمیل اور عمل پائیں اندرون ملک نئے الیکٹرانک میڈیا یونٹ اور ٹرانسپورٹ کے ادارے متعارف اور فروغ پائیں۔ حکومت کو اس دور میں بہترین ماہرین کی خدمات ملیں اور ملک کو جلد اور تیزی سے ترقی دینے والے کئی ایک منصوبے عمل میں آئیں۔ ہائر ایجوکیشن اندرون ملک یکساں نصاب فی زمانہ نصاب میں تبدیلی ماہرین تعلیم اور اندرون ملک ہنر مند بنانے والے اداروں میں جدت اور انکی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔ 3 جولائی سورج گرہن ملکی معیشت کے گھر لگنے سے اسٹاک شیئرز کے کاروبار میں پندرہ دن قبل تا بعد زبردست اُتار چڑھاؤ دیکھنے میں آسکتا ہے۔ حکومت یا مالیاتی ادارے بینک اپنے فنڈز کو بہتر کرنے کیلئے پُرکشش مراعات دیں۔ 17 جولائی چاند گرہن آٹھویں لگنے سے زلزلے ناگہانی آفات سے جانی مالی نقصانات تاہم نئے معدنیاتی ذخائر بھی دریافت ہوں۔

زائچہ نیو مون:۔ ماہ جون عید الفطر میٹھی عید انشاء اللہ العزیز 05 جون کو ملک بھر میں منائی جائیگی۔ برج سنبلہ 27 درجے پر طلوع ہونے والا زائچہ میں ستاروں کی نشست کے اعتبار سے نہایت حساس زائچہ اوتاد 10,4 گھر میں اہم ستارے زحل قران کیتو کے ساتھ 10,6,4 گھروں اور طالع جبکہ مریخ 10,5,4 گھروں اور طالع کے درجات کو متاثر کررہا ہے۔ اندرون ملک سیاسی دنگل حکومت اپوزیشن اور عام عوام کے مابین مہنگائی کے سبب حالات کی شدت کا اندازہ دے رہا ہے۔ ادھر ملکی معیشت کا حاکم ستارہ زہرہ آٹھویں نحس گھر وبال یافتہ حکومت وقت IMF سے کڑی شرائط پر جو قرضہ لے اس سے حکومت کے خلاف تحریک چل سکتی ہے۔ قران شمس و قمر کا طلوع نویں گھر سیاسی نجوم میں یہ گھر کئی منسوبات کی وجہ سے خصوصی اہمیت کا حامل مذہب، ملکی قوانین (عدلیہ) اور ان سے متعلقہ ملازمین دیگر مذہبی اقلیتی امور کے علاوہ مواصلات ہوائی، بحری و بری ٹرانسپورٹیشن سمندری موسمی حالات شپنگ تجارت ہائر ایجوکیشن جیسے بھی اہم شعبے اہمیت کے حامل رہیں۔ شمس زائچہ کا فعلی منحوس ستارہ نویں جبکہ چھٹے آٹھویں کے مزید فعلی منحوس ستارہ زحل چوتھے ہمراہ قران کیتو مقابل مریخ ہمراہ مریخ ہونے سے اندرون ملک اچانک سخت موسمی اثرات کے سبب زلزلے، ناگہانی آفات سمندروں دریاؤں میں طغیانی کے سبب جانی مالی نقصانات کا اندیشہ ہے۔

زائچہ فُل مون:۔ دوسرا زائچہ بھی طالع سنبلہ آسانی کو نسل پر زائچہ کے حساس درجات کو متاثر کررہا ہے۔ چوتھے دسویں زحل کیتو اور مریخ راہو قرانات اور

مقابلے جبکہ زائچہ کے فعلی منحوس زحل مریخ کا مقابلہ بارہویں گھر کے حاکم شمس کی دسویں نشست اندرون ملک بھونچال زلزلے اور زیر زمین آتش فشاں پھٹنے سے نئے معدنیاتی ذخائر کی دریافت تھر کول پٹرولیم آئل اینڈ گیس کے بھی نئے ذخائر ملیں۔ موسمی ناگہانی تبدیلیاں بعض جگہوں پر سیلاب سے فصلوں کو نقصان کا اندیشہ اس کے علاوہ ملکی سیاست میں تمام اپوزیشن جماعتوں کا اکٹھا ہو کر حکومت کے خلاف بھرپور تحریک چلانے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے سبب عوامی غم و غصہ بھی اپوزیشن پارٹیوں کی ہمدردی کا باعث بن سکتا ہے۔ اقلیت املاک ''تعمیرات'' اوقاف کے اسکینڈل اُبھریں اندرون ملک سیاسی عوامی بے چینی اور تخریب کاری کے خدشات کے سبب ملکی سرد سز داخلہ کے محکموں کو چوکنا رہنا ہوگا۔ فعلی منحوس ستارہ مریخ دسویں مقابل زحل شیطانی اثرات کا حامل بنکر رولنگ حکمرانوں اعلیٰ سیاسی شخصیات کی شدید بیماری موت کا سبب تکالیف کے اظہار کا اشارہ ہے۔ حزب اختلاف حکومت کے اتحاد اپنی وزارتوں سے مستعفی ہو سکتے ہیں۔ حکمران پارٹی اور عوامی سیاسی کشمکش میں فوج کو مداخلت کرنی پڑ سکتی ہے۔ مارشل لاء کا خدشہ یا کسی سخت صدارتی آرڈینس سے بگڑتی سیاسی صورتحال کو سنبھالا دینے کے لئے لگائے جا سکتے ہیں۔ سیاسی حکومت کی تبدیلی کے لئے یا صدارتی نظام لانے کے لئے سازشیں کوششیں بڑھ جائیں۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 13 جون 9 بجکر 02 منٹ، خاتمہ 15 جون 14 بجکر 02 منٹ تک رہے گی۔ جبکہ بحساب ویدک ابتداء 15 جون 03 بجکر 31 منٹ، خاتمہ 17 جون 10 بجکر 12 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

مختلف بروج سے تعلق رکھنے والے افراد کی محبت کا انداز اور نظریہ

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

حدیث قدسی ہے کہ میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا مجھے اشتیاق ہوا کہ میں پہچانا جاؤں تو سب سے پہلے اللہ نے اپنے نور سے نور محمد مصطفیٰ ﷺ کو خلق کیا اور پھر انکی محبت میں کائنات بنادی عشق حقیقی عشق مجازی کی ایک طویل بحث ہو سکتی ہے۔ تاہم آج کی اس محفل میں قارئین آئینہ قسمت کے لئے ہم علم نجوم کی روشنی میں محبت کے فلسفہ کو اجاگر کرنے کی کوشش کریں گے اس مضمون کی بقایا قسط آئندہ ماہ ملاحظہ فرمانے کے ساتھ ہمیں اپنی آراء سے بھی مطلع کریں۔ شہزادہ سید مصور زنجانی

شاید دنیا کا سب سے زیادہ پڑھا اور لکھا جانے والا موضوع محبت ہے۔ بہت کم کہانیاں دنیا میں ایسی ہوں گی جن میں اس عالمی جذبے کی کارفرمائی موجود نہ ہو۔ دنیا کے طاقتور ترین جذبوں میں محبت اور نفرت ہی وہ دو جذبے ہیں جو انسانی نفسیات میں سرفہرست ہیں۔ باقی تمام جذبے محبت اور نفرت ہی کی اگلی کڑی کہلائیں گے۔ مثلاً انتقام، لالچ وغیرہ۔ محبت کے عالمی اور لافانی کردار کو تمام مذاہب کے علاوہ وہ لوگ بھی تسلیم کرتے ہیں جو لامذہب یا دوسرے معنوں میں مادّہ پرست کہلاتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ محبت کی توجیح و تشریح میں بھی مادّی فوائد کو مدِ نظر رکھتے ہیں۔ مثلاً علم نفسیات کا باوا آدم سگمنڈ فرائڈ محبت کے جذبے میں جنس کے پہلو کو اوّلیت دیتا ہے۔ جدید علم نفسیات میں اگرچہ محبت کے جذبے کو ہر حوالے سے سیکس کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے مگر ماہرین نفسیات ایک ایسی محبت کے بھی قائل ہیں جس میں محبت کے ساتھ سیکس کا وجود نظر نہیں آتا لیکن وہ ایسی کسی مثال کو محبت سے زیادہ کشش و پسندیدگی قرار دیتے ہیں اور اس کی دلیل یہ دیتے ہیں کہ انسانی جسم سے جو لہریں خارج ہوتی ہیں وہ کسی دوسرے انسان کی لہروں سے اگر ہم آہنگ ہو جائیں تو کشش و پسندیدگی کے جذبات پیدا ہوتے ہیں اگر وہ لہریں دوسرے انسان کی لہروں سے متصادم ہوں تو دونوں کے درمیان ناپسندیدگی یا دوسرے لفظوں میں بے رغبتی کا سبب بنتی ہیں۔

محبت اور علم نجوم

اس مسئلے کا جتنا واضح اور شافی و کافی جواب ہمیں ایسٹرولوجی دیتی ہے، دوسرا کوئی علم نہیں دیتا۔ سگمنڈ فرائڈ کے جاں نشینوں میں ایک بہت بڑا نام ماہر نفسیات کارل یونگ کا ہے جس نے اپنے استاد سگمنڈ فرائڈ سے اختلاف بھی کیا ہے۔ واضح رہے کہ کارل یونگ علم نفسیات کے ان اولین ماہرین میں سے ایک ہے جس نے انسانی نفسیات کو سمجھنے میں علم نجوم سے مدد لی۔ اس نے اعتراف کیا ہے کہ میں نے اپنے مشکل نفسیاتی کیسوں میں انسان کے نفسیاتی مسائل کو سمجھنے میں علم نجوم سے استفادہ کیا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ کارل یونگ کے اکثر پیروکار برسوں اس حقیقت کو چھپاتے رہے اور علم نجوم کا انکار کرتے رہے مگر پچاس کی دہائی میں عظیم ایسٹرولوجر سڈنی اومر کی کوششوں کے نتیجے میں یہ حقیقت روز روشن کی طرح دنیا کے سامنے آگئی۔ سڈنی اومر کی تحقیق اور جدوجہد کا ماجرا بھی خاصا دلچسپ ہے جو یہاں ہمارا موضوع نہیں ہے۔ آج بھی دنیا بھر میں تمام شادی شدہ یا غیر شادی شدہ افراد (خواتین وحضرات) کے لیے سب سے زیادہ دلچسپ اور اہم موضوع محبت، دوستی اور ہم آہنگی ہے۔ چونکہ اس کے بغیر زندگی کی گاڑی کے دونوں پہیے سبک رفتاری سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔

ایسٹرولوجی میں بھی محبت یا دو افراد کے درمیان ہم آہنگی اور کشش کا موضوع سرفہرست ہے۔ اس موضوع پر اب تک ہزاروں کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔ مشہور امریکن ایسٹرولوجر لنڈا گڈ مین کی بے پناہ شہرت اور مقبولیت کا سبب ہی اس کی شہرہ آفاق کتاب Love Sign ہے۔ اس کے علاوہ بھی بے شمار ایسٹرولوجرز نے بارہ بروج کی باہمی کشش یا باہمی چپقلش کو موضوع بنایا ہے لیکن ہزار ہا صفحات لکھے جانے کے باوجود یہ موضوع تا حال تشنہ اور نامکمل محسوس ہوتا ہے کیونکہ بے شمار جگہ ایک نیا جہان حیرت سامنے آتا ہے اور بقول مشہور شاعر جناب رئیس امروہوی مرحوم۔

یارب! غم عشق کیا بلا ہے
ہر شخص کا تجربہ نیا ہے

بے شک محبت، شادی اور ازدواجی زندگی کا ہر پہلو اس قدر رنگا رنگ اور متنوع ہے کہ شاعر کو کہنا پڑا "ہر شخص کا تجربہ نیا ہے"۔ ہم اکثر محبت کے حوالے سے نت نئی کہانیاں سنتے اور ازدواجی زندگی کے رنگا رنگ پہلوؤں کا نظارہ کرتے رہتے ہیں۔ اب ہمیں زیادہ حیرت بھی نہیں ہوتی کیونکہ ہماری ساری حیرت علم نجوم کی مدد سے دور ہو جاتی ہے مگر عام لوگ اس وقت شدید حیرت کا شکار ہوتے ہیں جب دو محبت میں دیوانے افراد کو شادی سے پہلے یا شادی کے بعد علیحدہ ہوتے اور ایک دوسرے پر لعنت بھیجتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر اس طرح ایک دوسرے کو پاگلوں کی طرح چاہنے والے اور شادی کے لیے ساری دنیا سے بغاوت کرنے والے اس جوڑے کو اب اچانک کیا ہو گیا ہے۔ اس موقع پر پھر ایک دلچسپ شعر ملاحظہ کیجیے اور اس پر غور کیجیے

بچھڑ بھی جاتے ہیں مل کر رہ محبت میں
مگر یہ بات ابھی تیرے سوچنے کی نہیں

عزیزان من! شاید آپ حیران ہو رہے ہوں گے کہ آج ہم یہ کس قسم کی باتیں کرنے بیٹھ گئے ہیں۔ دراصل ہمارے معاشرے میں ایسٹرولوجی کی اہمیت کو تسلیم نہیں کیا جاتا۔ صرف تھوڑی سی تفریح کی حد تک ضرور اس میں دلچسپی لی جاتی ہے۔ ہماری موجودہ نسل انٹرنیٹ کی بدولت البتہ اب زیادہ دلچسپی لینے لگی ہے لیکن پرانی نسل مختلف وجوہات کی بنیاد پر اس اہم موضوع سے گریزاں رہتی ہے۔ البتہ جب کوئی مشکل پیش آتی ہے تو ضرور کسی ایسٹرولوجر سے مشورہ کیا جاتا ہے لیکن یہ مشورہ بھی اس وقت کیا جاتا ہے جب کھیل بگڑ چکا ہوتا ہے اور خراب نتائج سامنے نظر آ رہے ہوتے ہیں اگر دو محبت کرنے والے یا دو شادی کرنے والے افراد پہلے ہی علم نجوم کی روشنی میں باہمی انڈراسٹینڈنگ کے مسائل کو سمجھ لیں تو شاید بعد کے بہت سے مسائل قبل از وقت ہی حل ہو جائیں مگر محبت ایک ایسی بلا ہے کہ جب یہ لپٹتی ہے تو انسان کو اندھا کر دیتی ہے۔ وہ اچھا برا، موافق ناموافق کچھ نہیں دیکھتا، ہم روزانہ یہ تماشا دیکھتے ہیں کہ دو افراد آپس میں شادی کے لیے پاگل ہو رہے ہیں، ہمارے سمجھانے کے باوجود کہ آپ کی جوڑی مناسب نہیں ہے، شادی پر بضد ہیں۔

مختلف بروج کی بنیادی خصوصیات

آیئے اس مسئلے کو ایسٹرولوجی کی فلاسفی کے تحت سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اس سے پہلے یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ دائرہ بروج (Zodiac Signs) کے بارہ برج محبت کے جذبے کو کس طرح دیکھتے ہیں اور اس حوالے سے ان کے مزاجی اور فطری رجحانات کیا ہیں۔ دائرہ بروج کا پہلا برج حمل (Aries) ہے اور آخری یعنی بارھواں حوت (Pisces) ہے۔ ماہرین نجوم نے بارہ برجوں کو مختلف اقسام (Categories) میں بانٹ دیا ہے۔ اس تقسیم کے لحاظ سے چھ برج مذکر (Male) ہیں اور چھ مونث (Female) ہیں۔ مذکر بروج حمل، جوزا، اسد، میزان، قوس، دلو ہے، جبکہ مونث برج ثور، سرطان، سنبلہ، عقرب، جدی اور حوت ہیں۔ اسی طرح ان برجوں کی عنصری تقسیم کے مطابق تین برج آتشی (Fire) حمل، اسد اور قوس۔ تین خاکی (Earth)، ثور، سنبلہ، جدی۔ تین آبی (Water)، سرطان، عقرب، حوت اور تین بادی یا ہوائی (Air)، جوزا، میزان، دلو ہیں۔ اسی طرح بارہ برجوں کی تقسیم ماہیت کے اعتبار سے اس طرح ہے کہ چار برج منقلب یعنی تغیر پذیر (Cardinal) ہیں۔ جن میں حمل، سرطان، میزان اور جدی شامل ہیں۔ چار برج ثابت یعنی ٹھہراؤ والے (Fixed) ہیں۔ ثور، اسد، عقرب اور دلو۔ چار برج ذوجسدین یعنی دہرے جسم والے (Common Sign) کہلاتے ہیں۔ جوزا، سنبلہ، قوس اور حوت۔

مختلف بروج میں محبت کا جذبہ

بارہ بروج کی یہ تقسیم ان کے مزاج اور فطرت اور دیگر خصوصیات پر روشنی ڈالتی ہے اور اسی مزاج وفطرت کی بنیاد پر ان برجوں کے محبت، دوستی یا ازدواجی زندگی کے معاملات ہمارے سامنے آتے ہیں۔ چونکہ محبت کا تعلق دماغ سے زیادہ دل اور ہمارے جذبات واحساسات سے ہے لہٰذا اگر محبت کرنے والے یا محبت میں انتہا کے درجے پر جانے برجوں کا انتخاب کرنا ہو تو وہ آبی بروج (Water Sign) ہوں گے یعنی سرطان، عقرب اور حوت، یہ تینوں احساسات اور جذبات کے حوالے سے سرفہرست ہیں۔ اگر آپ کسی کو محبت میں یا کسی بھی تعلق میں نہایت جذباتی اور حساس پائیں تو سمجھ لیں کہ اس کی ساخت میں Water Sign کوئی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ لوگ محبت اور نفرت دونوں جذبوں میں نہایت شدت پسند اور انتہاؤں کو چھونے والے ہوتے ہیں۔ یہ کسی تعلق کو بھی سرسری انداز میں نہیں لیتے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کے جذبے ہمیشہ سچے اور کھرے ہوتے ہیں۔ ان کا تعلق محبت سے ہو یا نفرت سے، اسی بنیاد پر ان برجوں سے وابستہ افراد بحیثیت دشمن بھی بہت خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔ وہ انتقام لینے پر تل جاتے ہیں۔ تینوں آبی بروج میں انتقامی جذبے کے حوالے سے برج عقرب سرفہرست ہے۔ عقربی افراد کے دل میں چبھی ہوئی پھانس کبھی نہیں نکلتی۔ بہرحال! یہ تینوں برج محبت میں گہرائی اور گیرائی کے قائل ہیں۔ البتہ تینوں کی محبت کا انداز اور اظہار خاصا مختلف ہے۔

سرطانی محبت

سرطان کی محبت میں ماتا کا جذبہ پایا جاتا ہے۔ اسی لیے برج سرطان کو International Mother کہا جاتا ہے۔ ان کی محبت کا انداز اور اظہار ایسا ہی ہوتا ہے جیسے ایک ماں کا۔ ان لوگوں کو اپنی زمین، اپنے وطن، اپنے شہر، اپنے محلے، اپنی آبائی مکان، اپنے خاندان، اپنی ماں، اپنے بچوں کا بہت خیال رہتا ہے۔ ان کی کوئی خوشی ان چیزوں کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔ حد یہ کہ سرطان عورتیں اپنے شوہر کا بھی اس طرح خیال رکھتی ہیں جیسے اپنی اولاد کا اور سرطان مرد اپنی بیوی سے بھی یہی توقع رکھتے ہیں کہ وہ ان کا اسی طرح خیال رکھے جیسے ان کی ماں ان کا خیال رکھتی تھی۔ سرطان افراد کے لیے اپنا ذاتی گھر بھی نہایت ضروری ہے۔ وہ کرائے کے مکان یا کسی غیر کے گھر میں خوش نہیں رہ سکتے۔ سرطان لڑکے لڑکیاں جب محبت میں گرفتار ہوتے ہیں تو ان کی اولین کوشش اور خواہش شادی ہوتی ہے تاکہ جلد سے جلد گھر اور خاندان کی بنیاد رکھی جاسکے۔ یہی سرطانی افراد کی محبت کے جذبے کا انداز اور اظہار ہے۔

سرطانی افراد کو محبت میں مکمل اعتبار اور اعتماد چاہیے۔ ایسا اعتبار اور اعتماد جو ماں کی محبت میں پایا جاتا ہے۔ شاید اسی لیے سرطان بیویاں اور سرطان شوہر محبت کے معاملات میں شادی کے بعد بھی بے اعتمادی کا شکار رہتے ہیں۔ انہیں بار بار اپنی محبت کا یقین دلانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر اس کام میں بے پروائی کا مظاہرہ کیا جائے یعنی آپ اپنے سرطان پارٹنر کو اپنی محبت کا یقین دلانے میں سستی کا مظاہرہ کریں یا بے پروائی سے کام لیں تو سمجھ لیں ایک بہت بڑی غلطی کر رہے ہیں۔ اس کے شکوک وشبہات میں اضافہ کر رہے ہیں۔ یہ کام آپ محض زبانی کلامی بھی کرتے رہیں تو کافی ہے۔

برج عقرب کے تین نشان

آبی بروج میں دوسرے نمبر پر برج عقرب ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ بارہ بروج میں یہ سب سے زیادہ حیرت انگیز اور عجیب خصوصیات کا حامل برج ہے تو غلط نہیں ہوگا۔ یہ واحد سائن ہے جس کے تین نشان ہیں۔ اوّل بچھو (Scorpio)، دوم عقاب (Eagle)، سوم ققنس۔ بچھو کے بارے میں سب جانتے ہیں کہ یہ تاریکی میں رہنا پسند کرتا ہے۔ ہمیشہ اپنے وجود کو چھپانے کی کوشش کرتا ہے۔ دوسرے معنوں میں چھپ کر رہتا ہے۔ خطرہ محسوس کرے تو اس صورت میں بھی پسپائی اختیار کرتے ہوئے چھپ کر وار کرتا ہے لیکن مقابلے سے دستبردار نہیں ہوتا۔ شکست تسلیم نہیں کرتا۔ ڈنک مارنا اس کا طرۂ امتیاز ہے۔ دوسرا نشان عقاب ہے اور عقاب کا بہادری کے ساتھ جھپٹنا مشہور ہے۔ ہمارے قومی شاعر علامہ اقبالؒ نے عقاب کو اپنا آئیڈیل بنایا ہے۔ ان کے ایک شعر سے عقاب کی خصوصیات اور زندگی پر بھرپور روشنی ڈالی جاسکتی ہے۔

جھپٹنا، پلٹنا، پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے ایک بہانہ

عقربی افراد کی زندگی یقیناً اس شعر سے عبارت ہے۔ یہ لوگ ساری زندگی

باقی صفحہ نمبر 16 پر

معجزہ حضرت علی علیہ السلام

فرمانِ حضرت علیؑ: "امر بالمعروف اور نہی عن المنکر موت کو جلدی قریب نہیں آنے دیتے اور روزی میں کمی نہیں ہونے دیتے بلکہ ثواب کو دوگنا کرتے ہیں اور اجر کو عظیم کرتے ہیں اور ان دونوں میں سے افضل ظالم حاکم کے سامنے انصاف کی بات کہنا ہے۔" (بحوالہ: غرر الحکم فصل 8 ح 272)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

خلفائے بنی عباس کے زمانے میں ایک محب اہلبیتؑ جو بلخ کا باشندہ تھا اور مصر میں رہتا تھا، ہر وقت محمدؐ و آلِ محمدؐ کی مدح کرتا اور درود و سلام پڑھتا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

ایک روز مسجد میں جبکہ نمازِ ظہر کا وقت تھا اور مسجد نمازیوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھی اور محب نے شاہِ ولایت و نورِ ہدایت اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالبؑ کی مدح ثنائی شروع کی اور مجمع سے ایک من روٹی اور حلوہ نیاز مشکل کشاء طلب کی۔ ایک خارجی اس مجمع سے اُٹھا اور اس محب کا ہاتھ پکڑ کر کہا میرے گھر چل تا کہ تجھ پر لطف و احسان کا دروازہ کھول کر تیری حاجت پوری کروں۔ خارجی اس محب کو گھر لے گیا اور اپنے غلام سے کہا گھر کا دروازہ بند کرے اور جو کچھ میں تجھے کہوں اس کو بجالا۔ تا کہ اس کے صلہ میں تجھے آزاد کر دوں اور اشرفیوں کی ایک تھیلی بھی دوں گا۔ ازاں بعد حکم دیا کہ اس محب علیؑ کے ہاتھ اور پاؤں بھیڑ، بکری کی طرح باندھے اور اس کی دونوں آنکھیں باہر نکال دے اور ہاتھ پاؤں اور زبان کاٹ کر مجھے (خارجی کو) خوش اور مسرور کرے۔ غلام نے ویسا ہی عمل کیا اور پھر جب رات ہوگئی تو اس ملعون نے غلام سے کہا کہ قبرستان میں جا اور اس محب علیؑ کو ڈال آ۔۔۔! اس وقت اتفاقاً نبی خدا حضرت خضر علیہ السلام، امیر المؤمنین حضرت علیؑ کے روضہ مقدس کی زیارت کو آئے ہوئے تھے اور قبر مطہر کے گرد طواف کر رہے تھے کہ یکا یک قبر سے آواز آئی کہ اے بھائی! مصر کی طرف جاؤ اور میرے محب کی خبر لو۔ (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

جو قبرستان میں بے حال پڑا ہے۔ بعد ازاں تلقین کے دروازے حضرت خضرؑ پر کھولے اور اپنے محب کے ہر کٹے ہوئے عضو کے لیے ایک ایک اسم اعظم تعلیم فرمایا اور فرمایا اسماء کو محب کے کٹے ہوئے اعضاء پر پڑھو اور بحکم خدا ان اسماء کی برکت سے اس کے اعضاء کو صحیح و سالم کر دو اور اس سے کہو کہ علی ابن ابی طالبؑ فرماتے ہیں کہ اسی مسجد میں جا کر اسی طرح ہماری مدح بیان کرو اور پہلے کی طرح سوال کر کے نان و حلوہ طلب کرو۔ ایک شخص تم کو اسی طرح گھر لے جا کر دستر خوان بچھائے گا اور تمہارے لیے نان حلوہ لائے گا تو اس کے گھر میں بیٹھ کر ایک عجیب و غریب نظارا کرو گے۔ حضرت خضر نبی خدا علیہ السلام بموجب ارشادِ امیر المؤمنینؑ چشم زدن میں مصر کے قبرستان میں پہنچے اور اس مظلوم کی خبر گیری میں مصروف ہوئے اس کے کٹے ہوئے اعضاء اسمائے خدا کی برکت سے فوراً درست ہو گئے۔ (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

اور آنکھیں روشن ہو گئیں اور زبان بولنے کے قابل ہو گئی، پاؤں چلنے اور ہاتھ گرفت کے قابل ہو گئے۔ تندرست ہونے پر حضرت خضرؑ نے امیر المؤمنینؑ کا پیغام اس کو پہنچایا۔

محب حکم امامؑ کے موافق اسی مسجد کی طرف روانہ ہوا اور بوقت نمازِ عصر جب مسجد نمازیوں سے کھچا کھچ بھر گئی تو اٹھ کر امیر المؤمنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کی مدح ثنائی شروع کی اور پہلے کی طرح نان حلوہ طلب کیا۔ ایک جوان نے اُٹھ کر کہا کہ میں تیری حاجت پوری کرتا ہوں اور میرے ساتھ چل میں تجھے نان حلوہ دوں گا اور وہ جوان آدمی اس محب کو لے کر اپنے ساتھ گھر لے گیا۔ جب محب علیؑ اس کے ساتھ اس

کے گھر گیا تو دیکھ کر تھوڑا ڈرا کہ یہ تو اسی خارجی منکر کا گھر ہے، جس گھر میں اس خارجی نے اس کے اعضاء کاٹے تھے۔ لیکن فوراً اس کا ڈر دل سے دور ہو گیا کیوں کہ اس بار وہ شاہِ ولایت حضرت علی ابن ابی طالبؑ کے حکم کے مطابق آیا تھا۔

اس جوان نے دسترخوان بچھایا اور نان حلوہ حاضر کیا۔ محب نے جب یہ دیکھا تو متعجب ہو کر بولا بالکل اسی جگہ پر ایک ملعون خارجی نے میرے ہاتھ، پاؤں کاٹ کر مجھے قبرستان میں پھینکا تھا اور تو آج مہربانی کر رہا ہے، شفقت اور محبت سے پیش آ رہا ہے۔ میں اس لیے حیران و پریشان ہوں، اس جوان آدمی نے کہا کہ جس ظالم نے کل تم پر ظلم کیا تھا وہ میرا باپ تھا اور وہ ظلم جو تم پر اس نے کیا مجھے بہت برا معلوم ہوا اور سخت ناگوار گزرا اور میں نہایت ملول و غمگین ہوا، پھر رات سویا تو عالم خواب میں امیر المؤمنین حضرت علیہ السلام آئے اور نہایت غضبناک ہو کر میرے باپ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے خرس (کالے ریچھ) جو کچھ تم نے میرے محب کے ساتھ کیا اس کی سزا یہ ہے کہ دنیا میں مسخ ہوا اور ریچھ بن گیا، آخرت میں دوزخ جانے کا حقدار ہو گیا۔ اس دحشت ناک خواب کو دیکھ کر میں بیدار ہو گیا، دیکھا تو میرا باپ سیاہ ریچھ کی شکل میں تبدیل ہو چکا تھا۔ میں اسی وقت اس کے گلے میں زنجیر ڈال کر باندھ آیا، آؤ میں تم کو دکھاؤں اور اس سیاہ ریچھ کو اپنے دل کو خوش کرو۔۔۔۔

محب جب اس کے ساتھ کمرے میں گیا تو ایک کالا ریچھ دیکھا۔ محب کو دیکھ کر زمین پر گر پڑا۔ محب نے فوراً شکر خدا میں نہایت عجز و انکسار کے ساتھ سجدہ کیا اور اہل بیتؑ کی مدح و ثناء بیان کرنے لگا۔ (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ

اسی وقت غضب الٰہی کی بجلی چمکی اور اس کالے ریچھ پر آسمان سے بجلی آ کر گری اور ریچھ کو جلا کر خاکستر کر دیا۔ جب جوان نے باپ کا یہ حال دیکھا تو خوارج کے عقیدے سے بیزار ہو کر دشمنانِ اہلبیتؑ محمدؐ پر لعنت کی اور اہل بیتؑ کا مذہب اختیار کیا۔۔۔۔

یا رب علیؑ بحق مولا علیؑ جس طرح حضرت علیؑ کے محب کو دشمن اہلبیتؑ کے ظلم و جور سے نجات دلائی اور دشمن خارجی کو صفحۂ ہستی سے مٹایا اسی طرح حاضرین محفل کو اپنے دشمنوں سے محفوظ فرما۔ آمین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ

توسل الدعا معجزہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ یَا مُحْمُوْدُ بِحَقِّ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم یَا اَعْلٰی بِحَقِّ عَلِیٍ علیہ السلام یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰاتِ بِحَقِّ فَاطِمَۃُ سلام اللہ علیہا یَا مُحْسِنُ بِحَقِّ حَسَن علیہ السلام یَا قَدِیْمُ الْاِحْسَانِ بِحَقِّ اِمَامُ حُسَیْن عَلَیْہِ السَّلَامُ

حوالہ معجزہ: کوکب دُرّی ترجمہ مناقب مرتضویؑ صفحہ 389، مصنف محمد صالح کشفی السنی الحنفی

معجزہ حضرت امام حسن و حسین علیہ السلام

فرمانِ حضرت امام حسن علیہ السلام: "لوگوں کو ہلاک کرنے والی چیزیں تین ہیں: تکبر، حرص اور حسد۔ تکبر سے دین برباد ہو جاتا ہے۔ حرص نفس کا دشمن ہے اور حسد برائیوں کا راہنما ہے"۔ (بحوالہ بحار الانوار، جلد 78، صفحہ 111)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ

فخری لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت رسول خدا ﷺ کسی جنگ کے سلسلے میں باہر گئے۔ حضرت علیؑ بھی آپؐ کے ہمراہ تھے۔ حسنین کریمینؑ چھوٹے بچے تھے، اسی لیے وہ اپنے گھر میں ہی ٹھہرے۔ ایک دن امام حسینؑ گھر سے نکلے اور مدینہ کی گلیوں میں سیر کرنے لگ گئے۔ آپؑ سیر کرتے کرتے مدینہ سے باہر کھجوروں کے باغات میں چلے گئے۔ وہاں ایک یہودی کا گھر تھا، جس کا نام صالح بن زمعہ تھا۔ اس نے جیسے ہی تین سال کے امام حسینؑ کو دیکھا تو اس نے امامؑ کو اٹھایا اور اپنے گھر لے گیا۔ اس نے جناب سیدہ فاطمہؑ مادر حسینؑ کو کوئی اطلاع تک نہ بھیجی۔ جناب سیدہؑ سارا دن انتظار کرتی رہیں، یہاں تک کہ عصر کا وقت ہو گیا لیکن انہیں اپنے نور چشم کا کوئی پتہ نہ چلا۔

جناب سیدہؑ امام حسینؑ کی یوں گمشدگی پر سخت پریشان ہوئیں اور کئی بار گھر سے نکل کر مسجد نبویؐ تک تشریف لائیں لیکن کوئی بھی شخص دکھائی نہ دیا۔ آخر کار آپؑ نے اپنے فرزند امام حسن علیہ السلام سے فرمایا: آپؑ خود جائیں اور اپنے بھائی حسینؑ کو تلاش کریں۔ ان کی جدائی سے میرا دل پھٹ رہا ہے۔

امام حسنؑ گھر سے نکلے اور مدینہ کی گلیوں میں اپنے بھائی کی تلاش شروع کر دی لیکن امام حسینؑ کا کہیں پتہ نہ چلا۔ بعد ازاں امام حسنؑ نخلستانِ مدینہ میں پہنچ

گئے اور آواز دے کر کہا: حسین ابن علیؑ! بھیا جواب تو دو کہاں ہو؟

اے نبیؐ کے نورِ چشم! آواز تو دو کہاں ہو؟ جب امام حسنؑ آوازیں دے رہے تھے تو اس وقت آپؑ نے ایک ہرنی کو دیکھا۔

اللہ نے آپؑ کے دل میں بات ڈالی کہ اس ہرنی سے بھائی کا پتہ پوچھنا چاہیے۔ چنانچہ آپؑ نے ہرنی سے کہا: تمہیں میرے بھائی کا کچھ پتا ہو تو بتادو۔ رسولِ خدا کی برکت سے اللہ نے اس ہرنی کو بولنے کی طاقت عطا فرمائی۔ (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور اس نے کہا: اے نورِ چشمِ مصطفیٰؐ، اے سرورِ دلِ مرتضیٰؑ، اے فاطمۃ الزہراؑ کے دل کا سکون! تیرے بھائی کو صالح یہودی نے پکڑ کر اپنے گھر میں چھپا رکھا ہے۔

یہ سن کر آپؑ صالح یہودی کے دروازے پر تشریف لائے اور اُسے صدا دی۔ یہودی باہر آیا تو امام حسنؑ نے اس سے کہا: "حسینؑ کو میرے سپرد کردو ورنہ میں اپنی والدہ سے کہوں گا تو وہ صبح کے وقت اپنے خدا کے حضور تمہیں بددعا دیں گی اور یقین رکھو اگر میری والدہ نے بددعا کردی تو روئے زمین پر ایک یہودی بھی زندہ نہیں رہے گا۔"

علاوہ ازیں میں اپنے والدِ محترم سے تمہاری شکایت کروں گا۔ میرے والد تلوار لے کر تم پر حملہ کریں گے اور تم سب کو دوزخ میں پہنچا دیں گے۔

اور میں اپنے نانا سے تمہاری شکایت کروں گا، وہ تمہیں بددعا دیں گے اور تم سب برباد ہو جاؤ گے۔ امام حسنؑ کی باتیں سن کر یہودی حیران و پریشان ہوگیا اور اس نے کہا: تیری والدہ کون ہیں؟ آپؑ نے فرمایا:

"میری والدہ زہرہ دخترِ محمد مصطفیٰؐ ہیں۔ میری والدہ منتخب افراد کا گلدستہ اور صدفِ عصمت کا گوہرِ نایاب اور جمالِ علم و حکمت کی زینت اور فضائل و مناقب کا مرکزی نقطہ، آثارِ محامد و مآثر کے انوار کی روشنی ہیں۔ جن کا وجودِ مقدس جنت کے سیب سے تشکیل پاتا ہے، اللہ نے ان کے صحیفہ میں امت کے گناہ گاروں کی آزادی تحریر کی ہے۔ میری والدہ نجیب سرداروں کی ماں اور سیدۃ النساء العالمینؑ، بتول عذرا فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا ہیں"۔۔۔۔۔(صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

یہودی نے کہا: میں نے آپؑ کی والدہ کا تعارف تو سن لیا۔ اب آپؑ اپنے والد کا تعارف کرائیں۔ امام حسنؑ نے کہا:

"میرے والد اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالبؑ ہیں۔ میرے والد وہ ہیں جنہوں نے دو تلواروں اور دو نیزوں سے جہاد کیا۔ میرے والد وہ ہیں جنہوں نے رسولِ خدا کے ساتھ دو قبلوں کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی ہے اور میرے والد وہ ہیں جنہوں نے اپنی جان کو رسولِ ثقلینؐ پر قربان کر رکھا ہے۔ میرے والد حسنؑ و حسینؑ کے محترم والد ہیں"۔۔۔۔۔(صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

یہودی نے کہا: آپؑ نے سچ فرمایا: میں نے آپؑ کے والدِ محترم کا تعارف تو سن لیا۔ اب آپؑ اپنے نانا جان کا تعارف کرائیں۔ امام حسنؑ نے فرمایا:

"میرا نانا صدفِ جلیل کے دُرِ نایابؐ اور شجرہ ابراہیمؑ کے ثمرؐ اور روشن ستارہؐ، مصباحِ عظمت کے روشن نورؐ، کونین کے سردارؐ اور ثقلین کے رسولؐ اور دارین کے نظامؐ، عالمین کے لیے سرمایۂ افتخارؐ، مشرقین و مغربین کے امامؐ اور سبطین یعنی میرے اور میرے حسینؑ کے محترم نانا ہیں"۔۔۔۔۔(صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

جب امام حسنؑ نے اپنے خاندان کا تعارف کرایا تو یہودی کے دل سے کفر کا زنگ اترا اور اس کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے اور وہ حیران ہو کر آپؑ کی گفتگو سننے لگا۔ پھر اس نے کہا: اے ثمرۂ دلِ مصطفیٰؐ، اے روشنی نگاہِ مرتضیٰؑ، اے سرورِ سینہ فاطمہ زہراؑ! میں آپؑ کا بھائی آپؑ کے حوالے کروں گا لیکن اس سے پہلے مجھے کلمہ اسلام پڑھائیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اس کے بعد امام حسنؑ نے اُسے کلمہ اسلام پڑھایا اور اُسے احکامِ دین اور حلال و حرام کے مسائل سے آگاہ کیا۔ پھر اس نے امام حسینؑ کو امام حسنؑ کے حوالے کیا اور دونوں شہزادوں کے سر پر سونا چاندی نثار کیا اور اس سونا چاندی کو غرباء و مساکین میں تقسیم کیا۔ پھر امام حسنؑ نے اپنے بھائی کے ہاتھ کو پکڑا اور خوشی خوشی والدہ کے پاس تشریف لائے، جب جنابِ سیدہؑ نے اپنے نورِ نظر کو دیکھا تو بے حد خوش ہوئیں۔

دوسرے دن صالح یہودی اپنی قوم کے ہمراہ 70 افراد کو لے کر حضرتِ زہرہؑ کے درِ عصمت پر آیا اور کہا:

بی بیؑ! آپ کے فرزند کی برکت سے ہم سب مسلمان ہوچکے ہیں اور میں آپؑ سے اپنے جرم کی معافی کا خواستگار ہوں۔۔۔۔۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے ربِ حسنینؑ ہم حاضرینِ محفل تجھے حسینؑ کے نانا کا واسطہ دے کر کہتے ہیں کہ

ہم سب کے عزت، جان، مال کی حفاظت فرما، ہمارے رزقِ حلال میں وسعت فرما تاکہ ہم حقیقی طور پر اسلام کی خدمت کرسکیں۔آمین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

توسل الدعا معجزہ: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ یَا مُحۡمُوۡدُ بِحَقِّ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم یَا اَعۡلٰی بِحَقِّ عَلِیٍّ علیہ السلام یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰاتِ بِحَقِّ فَاطِمَۃَ سلام اللہ علیہا یَا مُحۡسِنُ بِحَقِّ حَسَن علیہ السلام یَا قَدِیۡمُ الۡاِحۡسَانُ بِحَقِّ اِمَامُ حُسَیۡنٍ عَلَیۡہِ السَّلَامُ

حوالہ معجزہ: مدینۃ المعاجز جلد 2 صفحہ 59، مصنف آیت اللہ ہاشم البحرانی قدس سرہ

معجزہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

فرمانِ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام: "تین لوگوں سے ڈرو! خائن، ظالم اور چغل خور۔اس لیے کہ خائن اگر آج تمہارے فائدے کے لیے خیانت کر رہا ہے تو کل تمہارے نقصان کے لیے بھی خیانت کرے گا اور جو آج تمہاری خاطر ظلم کر رہا ہے کل تم پر ہی ظلم کرے گا اور جو تم سے دوسروں کی چغلی کھاتا ہے وہ دوسروں سے تمہاری چغلی کھائے گا"۔(بحوالہ: تحف العقول صفحہ 316)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

بنو عباس کے ایک بڑے سرکاری افسر کا ایک غلام تھا جس کا نام "رفید" تھا۔کسی غلطی کی وجہ سے آقا اس پر ناراض ہوگیا اور اس کے قتل کا فیصلہ کرلیا۔جب "رفید" کو اس کے ارادے کا علم ہوا تو وہ وہاں سے بھاگ نکلا اور امام جعفر صادقؑ کے پاس پہنچ کر ان سے پناہ طلب کی۔۔۔(صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

امام جعفر صادقؑ نے اسے فرمایا کہ تم اپنے آقا کے پاس چلے جاؤ اور اسے میرا سلام پہنچاؤ اور اس سے کہو کہ فرزند رسول جعفرؑ بن محمدؑ کہہ رہے ہیں کہ تم مجھے کوئی اذیت نہ دو۔غلام نے کہا: مولا! میرا آقا تو شامی ہے اور آپؑ اچھی طرح جانتے ہیں کہ اکثر شامی آپؑ کے خاندان کے مخالف ہیں۔اگر میں نے اسے آپؑ کا پیغام پہنچایا تو وہ اور زیادہ ناراض ہوجائے گا۔امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:

"تمہیں ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے تم اُسے میرا یہ پیغام پہنچانا"۔

آپؑ کا فرمان سن کر غلام اپنے آقا کے گھر کی طرف روانہ ہوا۔وہ صحرا میں سفر کر رہا تھا کہ ایک اعرابی سے ملاقات ہوئی جو کہ علم قیافہ اور مستقبل بینی کا ماہر تھا۔اعرابی نے اُسے دیکھا تو کہا: تم کہاں جارہے ہو؟ مجھے تو تمہارے چہرے پر موت کی پرچھائیاں حرکت کرتی دکھائی دیتی ہیں، پھر اس نے غلام کے ہاتھوں کو پکڑ کر دیکھا تو کہا: یہ ہاتھ بتاتے ہیں کہ تم بہت جلد قتل ہونے والے ہو۔پھر اس غلام کے قدموں کو غور سے دیکھا اور کہا: یہ پاؤں موت کی جانب جارہے ہیں۔

الغرض وہ غلام کے جسم کے ایک ایک حصہ کو دیکھتا گیا اور اس کی موت کی پیشین گوئی کرتا گیا۔آخر میں اُس نے کہا کہ اب تم مجھے اپنی زبان دکھاؤ۔غلام نے اُسے زبان دکھائی تو اُس نے زبان کو بڑی توجہ سے دیکھا اور کہا: موت سے مت ڈرو، مجھے تمہاری زبان پر ایک پیغام دکھائی دیتا ہے، اگر تم وہ پیغام پہاڑوں سے بھی کہو گے تو بھی وہ تمہاری اطاعت کریں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

غلام نے اپنا سفر جاری رکھا یہاں تک کہ اپنے آقا کے دروازے پر پہنچ گیا۔اُسے دوسرے غلاموں نے گرفتار کرلیا اور اس کے آقا نے کہا کہ اِسے فوراً قتل کر دیا جائے۔غلام نے کہا: امیر! ٹھہر جائیں اور جلد بازی سے کام نہ لیں۔آپ لوگوں نے مجھے گرفتار نہیں کیا میں خود اپنے پاؤں چل کر آپ کے پاس آیا ہوں۔آپ کو مجھے قتل کرنا ہے تو بے شک کرائیں لیکن قتل سے پہلے آپ مجھے تنہائی میں وقت دیں اور ایک پیغام سن لیں اس کے بعد اگر آپ کی مرضی ہو تو مجھے قتل کرادیں۔

اس نے تمام نوکروں سے کہا کہ تم سب یہاں سے چلے جاؤ، جب سارے نوکر وہاں سے چلے گئے تو غلام نے کہا: میرے اور تمہارے آقا جعفرؑ بن محمدؑ تمہیں سلام کہہ رہے تھے اور انہوں نے فرمایا کہ وہ میرے ضامن اور جائے پناہ ہیں۔

شامی امیر نے حیران ہو کر کہا: کیا تو قسم کھا کر کہہ سکتا ہے کہ امامؑ نے مجھے سلام بھجوایا ہے؟

غلام نے قسم کھا کر کہا کہ واقعی مولا نے تمہیں سلام بھجوایا ہے۔اس نے دو مرتبہ غلام سے یہی سوال کیا اور ہر بار غلام نے قسم کھا کر اُسے یقین دلایا۔

یہ سنا تو امیر نے اس کی رسیاں خود کھولیں اور کہا: مجھے سکون تب ملے گا جب تم یہ رسیاں مجھے باندھو گے۔غلام نے کہا: میں آپ کے متعلق یہ جسارت نہیں کرسکتا۔

بعد ازاں اس نے اپنی انگشتری دی اور کہا: آج سے میرے تمام معاملات کے نگران تم ہی ہو گے۔ میری تمام دولت تمہارے ہاتھ میں ہو گی، اسے جیسے چاہے خرچ کرو۔ یوں امامؑ کے غلام کی جان بھی بچ گئی اور مقام بھی مل گیا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

اے پروردگار ہم تو تیرے محبوب رسولؐ کے بارہ اماموں کے ماننے والے ہیں۔ تجھے اپنی ربوبیت کا واسطہ ہم گناہ گار ہیں اور مولا! آپؑ کے صدقے ہم خدا سے دعاگو ہیں کہ ہم پر خصوصی کرم کے ذریعے ہم سب کے مال و دولت میں اضافہ، عزت کی حفاظت، بیماروں کو شفاء اور دیگر شرعی حاجات کو پورا فرما۔ آمین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

توسل الدعا معجزہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ یَا مَحْمُوْدُ بِحَقِّ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم یَا اَعْلٰی بِحَقِّ عَلِیٍّ علیہ السلام یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰاتِ بِحَقِّ فَاطِمَةُ سلام اللہ علیہا یَا مُحْسِنُ بِحَقِّ حَسَن علیہ السلام یَا قَدِیْمُ الْاِحْسَانُ بِحَقِّ اِمَامُ حُسَیْن عَلَیْهِ السَّلَامُ

حوالہ معجزہ: مناقب شہر آشوب جلد 2 صفحہ 288

معجزہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

فرمانِ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام: "کتنا برا وہ شخص ہے جو دو چہرے اور دو زبان والا ہو یعنی منافق ہو سامنے اپنے مومن بھائی کی تعریف کرے اور پیٹھ پر غیبت کرے اور اگر مومن بھائی کو کچھ مل جائے تو اس سے حسد کرے اور اگر مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو اکیلا چھوڑ دے"۔ (بحوالہ: تحف العقول صفحہ 395)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

عبداللہ بن فضل اپنے باپ فضل بن ربیع سے روایت کرتا ہے۔ اس نے کہا کہ میں ہارون کا خصوصی دربان تھا۔ ایک دن مجھے وہ غصے میں تھراتا ہوا اور تلوار چمکاتا ہوا میرے پاس آیا اور مجھ سے کہا: فضل! مجھے اپنی قرابت رسولؐ کی قسم ہے اگر تو میرے ابن عم کو گرفتار کر کے ابھی میرے پاس لے کر نہ آیا تو میں اس تلوار سے تیری آنکھیں نکال لوں گا۔ میں نے کہا! میں کس کو گرفتار کر کے لاؤں۔ اس نے کہا: مردِ حجازی کو۔ میں نے کہا: کس مردِ حجازی کو گرفتار کروں؟ ہارون نے کہا: تم موسیٰؑ بن جعفرؑ بن علیؑ بن الحسینؑ بن علیؑ ابن ابی طالبؑ کو گرفتار کر کے میرے سامنے لاؤ۔

فضل کہتا ہے کہ میں موسیٰ کاظم علیہ السلام کی گرفتاری کے لیے اللہ کے عذاب سے ڈرا لیکن بادشاہ کی سزا مجھ پر غالب آ گئی۔ میں نے کہا کہ میں جاتا ہوں اور آپ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں۔ پھر ہارون نے کہا: جانے سے پہلے کوڑے مارنے والوں اور جلادوں کو بھی بلا لو۔ میں کوڑے مارنے والوں اور جلادوں کو بھی بلا لایا۔ اس کے بعد موسیٰ کاظم علیہ السلام کے گھر کی طرف روانہ ہوا اور کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ایک معمولی جھونپڑی کے دروازے پر پہنچا جہاں آپؑ رہائش پذیر تھے۔ دروازے پر ایک حبشی غلام کھڑا تھا۔ میں نے اس سے کہا: اپنے مالک سے ملنے کی اجازت طلب کرو۔ اس نے کہا: بندۂ خدا! تم اندر چلے جاؤ یہاں کوئی حاجب اور دربان نہیں ہے۔ میں اندر داخل ہوا تو میں نے دیکھا کہ ایک غلام کے ہاتھ میں ایک مقراض تھا اور وہ آپؑ کی پیشانی اور ناک پر کثرتِ سجود کی وجہ سے پڑنے والے گھٹے کاٹ رہا تھا۔ سبحان اللہ

میں نے امامؑ کو سلام کیا اور کہا کہ خلیفہ نے آپ کو یاد کیا ہے۔ آپؑ نے فرمایا: بھلا ہارون کو مجھ سے کیا کام ہے تو کیا وہ عیش و عشرت میں غرق ہونے کے باوجود بھی مجھے اکیلا نہیں چھوڑنا چاہتا۔ اس کے بعد آپؑ اٹھے اور چلنے کے لیے تیار ہوئے اور چلتے وقت فرمایا: اگر میںؑ نے اپنے جدِ امجد رسولؐ اکرم کی یہ حدیث نہ سنی ہوتی تو میں اس کے بلاوے پر کبھی بھی اس کے پاس نہ جاتا۔ لیکن مجبور ہوں کیونکہ آنحضرتؐ کا فرمان ہے کہ: "اپنی جان کی حفاظت کے لیے بادشاہ کی اطاعت واجب ہے"۔ میں نے کہا: ابو ابراہیمؑ! آپؑ ذہنی طور پر سزا کے لیے تیار ہو کر جائیں۔ آپؑ نے فرمایا: کیا میرے ساتھ وہ خدا نہیں ہے جو دنیا و آخرت دونوں کا مالک ہے۔ سنو! خدا نے چاہا تو آج وہ مجھے کوئی اذیت نہیں دے سکے گا۔۔۔۔ (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

فضل بن ربیع کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا کہ آپؑ نے اپنے ہاتھ کو سر کے ارد گرد تین مرتبہ گردش دی۔ اس کے بعد ہم دربار کی جانب چل دیے اور میں دربار کے اندر چلا گیا اور آپؑ باہر کھڑے ہو گئے۔ جب میں اندر گیا تو میں نے دیکھا کہ ہارون الرشید کسی پسر پر دہ ماں کی طرح بے چین تھا اور اس نے مجھ سے کہا: فضل! کیا تم میرے ابن عم کو لے آئے ہو؟ میں نے کہا جی ہاںؑ میں

انہیں لے آیا ہوں۔ ہارون نے کہا: کیا تو نے انہیں پریشان تو نہیں کیا تھا؟ میں نے کہا: نہیں۔ ہارون نے کہا: میں ان پر ناراض تھا اور میں انہیں اذیت پہنچانا چاہتا تھا لیکن اب میں نے اپنے نفس پر قابو پالیا ہے۔ تم انہیں اندر لے آؤ۔ جب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے اندر قدم رکھا تو ہارون نے آگے بڑھ کر امامؑ کا استقبال کیا اور آپ کو گلے لگا کر کہنے لگا مرحبا میرے بھائی! میرے ابن عم اور میرے مال و دولت کے وارث، پھر اس نے آپ کو اپنے ساتھ مسند پر بٹھایا اور کہنے لگا: کیا وجہ ہے آپؑ نے ایک عرصہ سے ہم سے ملاقات تک نہیں کی؟

آپؑ نے فرمایا: تمہاری سلطنت کی وسعت اور تمہاری حب دنیا کے باعث میں تمہارے پاس نہیں آیا۔ ہارون نے حکم دیا کہ قیمتی صندوقچہ لایا جائے۔ جب صندوقچہ لایا گیا تو اس نے اپنے ہاتھ سے اُسے امامؑ کے حوالے کیا۔ پھر اس نے حکم دیا کہ آپ کو کچھ پوشاکیں اور دیناروں سے بھری ہوئی دو تھیلیاں پیش کی جائیں۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: اگر نسل ابو طالبؑ کے کنوارے نوجوانوں کی شادی مطلوب نہ ہوتی اور ان کی نسل کا تحفظ ضروری نہ ہوتا تو میں تمہارا یہ عطیہ کبھی قبول نہ کرتا۔۔۔۔ (صلوات)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

پھر آپ الحمد لله رب العالمین کہتے ہوئے دربار سے باہر آ گئے۔ آپؑ کی واپسی کے بعد فضل نے ہارون سے کہا کہ آپ تو ان کو سزا دینا چاہتے تھے۔ مگر آپ نے انہیں خلعت و انعام سے نوازا۔۔۔۔! آخر کیا بات ہوئی؟ ہارون نے کہا:

سنو! جب تم انہیں لینے کے لیے گئے تو میں نے دیکھا کہ میرے محل کو کچھ لوگوں نے گھیر رکھا ہے، ان کے ہاتھوں میں نیزے ہیں انہوں نے اپنے نیزوں کی انیاں میرے محل کی بنیادوں میں گاڑھ رکھی ہیں اور انہوں نے مجھ سے کہا: اگر تو نے فرزندِ پیغمبر کو ذرا تکلیف بھی پہنچائی تو ہم تیرے اس محل کو زمین میں دھنسا دیں گے اور اگر تو حسنِ سلوک سے پیش آیا تو ہم واپس چلے جائیں گے اور تیرے محل کو کچھ نہیں کہیں گے۔۔۔۔ (صلوات)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

فضل بن ربیع کا بیان ہے کہ پھر میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے پیچھے گیا اور میں نے ان سے کہا کہ آپ نے ایسی کون سی دعا پڑھی تھی کہ آپؑ اس کے ظلم و ستم سے بچ گئے؟ آپؑ نے فرمایا: میں نے اپنے دادا علیؑ ابن ابی طالبؑ کی دعا پڑھی تھی۔ آپؑ اس دعا کو پڑھ کر جب بھی کسی لشکر کے مدمقابل جاتے تو اُسے شکست دیتے تھے اور جب بھی کسی شاہسوار سے مقابلہ کرتے تو اس پر غالب آجاتے تھے اور وہ دعا مصائب اور مشکلوں سے محفوظ رکھنے والی ہے۔

آپؑ نے فرمایا، وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ بِكَ اُسَاوِرُ وَبِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُحَاوِرُ بِكَ اَصُوْلُ بِكَ اَنْتَصِرُ وَبِكَ اَمُوْتُ وَبِكَ اُحْيَا اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ خَلَقْتَنِیْ وَ رَزَقْتَنِیْ وَبِلُطْفِ مَا خَوَّلْتَنِیْ وَ اَغْنَیْتَنِیْ وَ اِذَا هَوَیْتُ رَدَدْتَنِیْ وَ اِذَا عَثَرْتُ قَوَّمْتَنِیْ وَ اِذَا مَرِضْتُ شَفَیْتَنِیْ وَ اِذَا دَعَوْتُ اَجَبْتَنِیْ یَا سَیِّدِیْ اِرْضِ عَنِّیْ فَقَدْ اَرْضَیْتَنِیْ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

رب حضرت علی و امام موسیٰ کاظم علیہم السلام کے حضور حاضرین محفل دعا گو ہیں کہ اے پروردگار اس معجزہ اور دعا جو کہ ہم نے پڑھی ہے اس کے صدقہ میں آج کے اس پُر آشوب دور میں ہر مومن کی حفاظت فرما اور امام کاظم علیہ السلام کی قید کا واسطہ ناحق قیدیوں کو رہائی نصیب فرما۔ آمین

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

توسل الدعا معجزہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ یَا مُحْمُوْدُ بِحَقِّ مُحَمَّدٌ صلی الله علیه وسلم یَا اَعْلٰی بِحَقِّ عَلِیٍّ علیه السلام یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ بِحَقِّ فَاطِمَهٗ سلام الله علیها یَا مُحْسِنُ بِحَقِّ حَسَن علیه السلام یَا قَدِیْمُ الْاِحْسَانُ بِحَقِّ اِمَامُ حُسَیْن عَلَیْهِ السَّلَامُ

حوالہ معجزہ: عیون اخبار الرضا جلد 1 صفحہ 76، مصنف: شیخ صدوقؒ، اثبات الھداۃ جلد 3 صفحہ 179

نوٹ: آج کے اس دہشت گردی والے دور میں ہر مومن کو چاہیے کہ وہ گھر سے نکلتے وقت اس دعا کو پڑھ کر اپنا حصار کر کے گھر سے نکلے، بخیر و عافیت گھر واپس آئے گا۔ انشاء اللہ

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ جون 2019ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری **2019ء** میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے **2** رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَارِجَالُ الۡغَیۡبِ وَیَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَۃ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ وَّ نۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبۡدَالُ یَا اَوۡتَادُ یَا قُطۡبُ یَا غَوۡثُ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے **6** کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری								تیسری								چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

مقابلہ شمس مشتری:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 02 جون 09 بجکر 50 منٹ مکمل نظر 10 جون 20 بجکر 29 منٹ اور خاتمہ نظر 11 جون 18 بجکر 36 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین و دشمنوں میں عداوت، نفاق پیدا کرنے کیلئے نہایت مؤثر وقت ہے۔ ناجائز تعلقات ختم کرنے کیلئے سورۃ مائدہ کی آیت کا درج ذیل نقش لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔

والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ

محمد — اللہ — رسول

اللہ — اللہ

محمد — اللہ — رسول

فلاں بن فلاں مابین فلاں بن فلاں میں نفاق ہو

مقابلہ مریخ زحل:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 13 جون 10 بجکر 36 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 16 جون 09 بجکر 07 منٹ پر ہوگا۔ بغض وعداوت، ہلاکت دشمن کیلئے سورۃ لھب کے عمل سے استفادہ کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

۷۸۶		
۴۸۵	۲۸۸۶	۱۴۵۵
۲۴۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۰۱
۲۹۱۶	۱۹۴۰	۹۷۰

قران عطارد مریخ:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 17 جون 07 بجکر 16 منٹ مکمل نظر 18 جون 21 بجکر 04 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 20 جون 04 بجکر 35 منٹ پر ہوگا۔ ذہنی استطاعت و قابلیت بڑھانے کیلئے سورۃ طٰہٰ کی آیات کا نقش بنا کر اپنے پاس رکھیں۔

چال نقش		
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

۷۸۶		
زدنی	رب	علما
علما	زدنی	رب
رب	علما	زدنی

بقیہ مختلف بروج سے تعلق رکھنے والے

ایسی ہی جدوجہد کرتے ہوئے گزار دیتے ہیں۔ بظاہر نہایت پرسکون نظر آنے والے عقربی افراد کے اندر کا ماحول بڑا طوفانی ہوتا ہے۔ وہ ہر لحہ جھپٹنے، پلٹنے اور پلٹ کر پھر جھپٹنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ تیسرا نشان روایتی اور افسانوی پرندہ قُقنس ہے۔ شاید ہمارے بہت سے قارئین کے لیے یہ نام نیا ہو اور وہ اس پرندے سے قطعی ناواقف ہوں۔ قُقنس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ایک انتہائی نایاب پرندہ ہے۔ دنیا میں ایسے خوش قسمت بہت تھوڑے ہوں گے جنھوں نے اس پرندے کو دیکھا ہو۔ اس کے بارے میں صدیوں سے یہ روایت چلی آرہی ہے کہ یہ ہمیشہ پوری دنیا میں ایک ہی ہوتا ہے۔ دوسرے معنوں میں اس کا جوڑا بھی نہیں ہوتا۔ جب ایک قُقنس کا آخری وقت قریب آجاتا ہے تو وہ کسی بلند مقام پر اپنے لیے ایک گھونسلا بناتا ہے پھر اس گھونسلا میں بیٹھ کر اپنی نہایت سریلی آواز میں ایک ایسی دھن نکالتا ہے جسے کلاسیکل موسیقی میں دیپک راگ کہا جاتا ہے۔ یہ روایت بھی موجود ہے کہ دیپک راگ قُقنس سے لیا گیا ہے۔ چنانچہ اس کے نتیجے میں گھونسلے میں آگ لگ جاتی ہے لیکن قُقنس اپنے گھونسلے سے باہر نہیں نکلتا اور اسی آگ میں جل کر خاک ہوجاتا ہے۔ کتنی عجیب بات ہے اور اس میں اپنے مقصد، اپنے گھر سے محبت کا کتنا شدید جذبہ موجود ہے۔ بقول خدائے سخن میر تقی میر

آگ تھے ابتداء عشق میں ہم
ہو گئے خاک، انتہا ہے یہ

اس خودسوزی کے بعد جب پہلی بارش کا پہلا قطرہ اس کی جلی ہوئی راکھ پر پڑتا ہے تو ایک نیا قُقنس اس راکھ سے جنم لیتا ہے۔ گویا ایک زندگی ختم ہوتی ہے تو پیدائش کا نیا عمل شروع ہوتا ہے۔ شاید اسی وجہ سے جدید ماہرین نجوم نے برج عقرب کا حاکم سیارہ پلوٹو کو مقرر کیا ہے، جو موت یعنی انجام اور حیات نو کا سیارہ ہے۔ قُقنس کی یہ صفت عقربی افراد میں پائی جاتی ہے۔ پہلی بات تو یہ کہ عقربی افراد تنہا پسندی کو فوقیت دیتے ہیں۔ بسا اوقات تو ہزاروں کے مجمع میں رہتے ہوئے بھی اپنی ذات میں تنہا ہی ہوتے ہیں۔ ان کی یہ تنہائی درحقیقت روحانی ہوتی ہے۔ شاید مندرجہ ذیل شعر عقربی افراد کی تنہائی کے معاملے پر کچھ روشنی ڈال سکے۔

بھیڑ تنہائیوں کا میلہ ہے
آدمی آدمی اکیلا ہے

قُقنس کی دوسری خصوصیت خودسوزی یا خودکشی ہے۔ عقربی افراد زندگی بھر اندر ہی اندر جلنے اور سلگنے کی خصوصیت رکھتے ہیں کیونکہ یہ لوگ اپنے جذبات و احساسات کا کھل کر اظہار نہیں کرتے یا ایسا کرنا مناسب نہیں سمجھتے۔ اسی طرح یہ لوگ مایوسی کے آخری درجے پر پہنچنے کے بعد خودکشی کی طرف بھی جلد راغب ہوجاتے ہیں۔ اگر ایک سروے کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ دنیا بھر میں خودکشی کرنے والوں میں عقربی افراد کی تعداد سب سے زیادہ ہوگی۔ ماہنامہ سرگزشت کی ادارت کے زمانے میں ہم نے اس میگزین کا ایک "خودکشی نمبر" شائع کیا تھا جس میں ایسے افراد کی کہانیاں تھیں جنھوں نے خودکشی کی تھی۔ جب ہم نے ان کی تاریخ پیدائش کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی تھی جن کا شمسی، قمری یا پیدائشی برج عقرب تھا۔

اوجِ زہرہ

از تحریر: سید منصور علی زنجانی

اوجِ زہرہ کی ابتداء 26 جون 2019ء 11:42 منٹ اور انتہاء 27 جون 2019ء 07:21 منٹ پر ہوگی۔

ستارہ زہرہ پیار و محبت، شادی بیاہ، عزت و شہرت، دولت و ہمہ قسم کی خوبصورتی سے منسوب ہے۔ زہرہ کا سب سے طاقتور وقت شرف کا ہوتا ہے، جو گزر گیا ہے۔ اوج کی طاقت شرف سے کم ہوتی ہے۔ اس ساعت میں بھی شرف کا کام لیا جاسکتا ہے چونکہ ستارہ زہرہ عورت سے منسوب ہے۔ اس لیے زہرہ کے اوقات میں زیادہ اعمال خواتین سے متعلقہ تیار کیے جاتے ہیں۔ موقع کی مناسبت سے چند اعمال دکھی ماؤں بہنوں کے نام لکھ رہا ہوں۔

عمل نمبر 1

خواتین میں کچھ بیماریاں مثلاً ماہواری کے جملہ امراض لیکوریا، اندرونی زخم، ورم، اعصابی کمزوری، بانجھ پن اور اسقاطِ حمل۔ اوج کے وقت میں زعفران اور چوعرقہ سے بیالیس عدد نقش لکھ لیں اور صبح نہار منہ قبلہ رُخ منہ کر کے پاؤں کے بل بیٹھ کر ایک گلاس پانی میں ایک عدد نقش حل کر کے پیے لگاتار اکتالیس دن پیے۔ اس کے بعد باقی ایک نقش کو گلے میں ڈال لیں۔

یا جبرائیل — ۷۸۶ ههههههه ※ ع ع ع ع ع ع ه و ص م — یا میکائیل

هو	هو	هو	هو	هو	هو	هو
الله	الله	الله	الله	الله	الله	الله
حے	حے	حے	حے	حے	حے	حے
قيوم	قيوم	قيوم	قيوم	قيوم	قيوم	قيوم

[illegible] — بسم الله شافی الکافی المعافی — [illegible]

نقش کی پشت پر یہ طلسم تحریر کریں۔

عاهالامرله
الاطس کهص

عمل نمبر 2

ذیل کے نقش تیرہ عدد لکھ لیں۔ نقش سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھیں۔ ہر روز ایک عدد نقش سے غسل کیا کریں، مسلسل گیارہ یوم ایسا کریں، تصورِ محبوب سے شادی کا ہو۔ بارہویں روز ایک تعویز سبز رنگ کے کپڑے میں باندھ کر پھل دار درخت سے لٹکائیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے اور باقی ماندہ تعویذ کو سرخ رنگ کے کپڑے میں باندھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ ایک ماہ میں شادی طے ہوجائے گی۔

ط ااا حاضر ااا اا۹ اا ااا

اا ۹ اا ۵ ح

اا ء ۸۸ا۸۸۸ اا ا۸اا اا ۶

یااللہ جل جلالہ بہ برکت این نقش فلاں بن فلاں کی شادی کا پیغام فلاں بنت فلاں کے ساتھ جلد موصول شود العجل الساعۃ الوحا

عمل چاند گرہن

اگر دشمن ناحق ستایا ہو اور بے وجہ تکلیف و دکھ دیتا ہو تو ذیل کا نقش کالی سیاہی سے چاند گرہن کے وقت میں لکھ لیں۔ نقش میں دشمن کا نام بمعہ والدہ کا نام لکھ دیں، تیار شدہ تعویذ پر سورۃ فیل سات سات مرتبہ پڑھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کر دو۔ انشاء اللہ دشمن کا نقصان تو نہیں ہوگا، البتہ وہ ظلم سے توبہ کر لے گا اور آپ سے خود آکر معافی مانگ لے گا۔

هاروت وماروت
یاعــــزرائیل
فـلاں بن فـلاں
یاعــــزرائیل
یاجوج وماجوج

مجربات دامانیہ

از تحریر: عبداللطیف دامانی جھنگی سیداں (اسلام آباد)

گرہن کا خاص عمل برائے وسعتِ رزق

شمس گرہن کا آغاز 02 جولائی 09:55 منٹ اور انتہاء 03 جولائی رات 12:22 منٹ پر ہوگا، جبکہ قمری گرہن کا آغاز 16 جولائی رات 11:51 منٹ اور انتہاء 17 جولائی 02:30 پر ہوگا اور اختتام 17 جولائی صبح 05:17 منٹ پر ہوگا

قرآن پاک میں محوری گردش کے بارے فرمانِ الٰہی ہے ’’وہ ذات ایسی ہے جس نے دن اور سورج، چاندرات پیدا فرمائے ہر ایک ایک دائرے میں گردش کرر ہے ہیں۔‘‘ (سورۃ انبیاء 33)

پرانے زمانے میں لوگ گرہن کو دیکھ کر ڈر جاتے تھے اور کہتے تھے کہ کوئی بڑی مصیبت آ پہنچی۔ حالانکہ سرکارِ دو عالم وجہ کائنات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے پیارے بیٹے ابراہیم جب فوت ہوئے تو اُس وقت چاند گرہن لگا ہوا تھا تو لوگوں نے کہا کہ فرزندِ رسولؐ کی وفات کی وجہ سے گرہن لگا ہے تو نبی کریم ﷺ نے جب یہ بات سُنی تو فرمایا کہ کسی کے جینے یا مرنے کا تعلق گرہن سے نہیں یہ تو اللہ کی نشانیاں ہیں۔ سورج یا چاند گرہن کے وقت مخصوص قسم کا روحانی اثر پیدا ہوتا ہے جس سے فائدہ اُٹھانے کیلئے علماء جفر پورا سال گہن کے اوقات کا انتظار کرتے ہیں۔ اس موقع پر حروفِ صوامت اور دیگر عملیات کی زکوٰۃ بھی دی جاتی ہے۔ اس سال کا سورج/ چاند گرہن حروفِ صوامت اور دیگر اعمال کی زکوٰۃ کی انجام دہی کیلئے نہایت ہی موزوں اور مؤثر ہیں۔

آئینہ قسمت چونکہ روحانی علوم سے وابستہ رسالہ ہے اسلئے گرہن کے اوقات کی مناسبت سے پیدا ہونے والی روحانیت سے فائدہ اُٹھانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ ان اوقات میں بندش کے تمام اعمال کی زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے۔ خصوصاً حروفِ صوامت جو بغیر نکتہ کے حروف ہیں زکوٰۃ دی جاتی ہے۔ یہ قمری اعداد کے مطابق 543 بار حروف کو لکھا جاتا ہے۔ پھر مداومت کے طور پر 13 بار روزانہ لکھنا پڑتا ہے۔

ان حروف کی زکات کے بعد ہر قسم کی بندش مثلاً زبان بندی، قدم باندھنا، عشق باندھنا، جاری خون باندھنا اس کے علاوہ یہ ہر قسم کے جنات، آسیب، نظر بد، جادو غرض انسانی زندگی کی حاجات کا چوتھائی حصہ پر عامل کو قدرت حاصل ہو جاتی ہے۔ ان اعمال سے طلسم تیار کرنا ہر عامل جانتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ گرہن کے اوقات میں عمل حب، حاضری مطلوب، کے سفلی اعمال کی زکات ادا کرنے کے ساتھ الحمد شریف کی ریاضیت بھی کی جا سکتی ہے۔ بعض حضرات مندرہ علی کی زکوٰۃ بھی ادا کرتے ہیں۔

حروفِ صوامت ہر قسم کے امور کو باندھنا ان کے اعداد 543 ہیں۔ حروف نورانی میں سے الم، طٰہٰ، طسم، عسق، ن کے اعداد بھی 543 ہیں۔ حروف نورانی سے تیار شدہ عمل ان تمام قباحتوں سے محفوظ رکھنے کا جو انسان اور شیطان سے وابستہ ہیں مثلاً بدخواہی، بدزبانی، جن لوگوں کے دشمن اُن کے نیچے دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور بدنام کرتے ہیں ان سے محفوظ رہنے کیلئے یہ حزر اسرار کا کام دے گا۔ یہ نقش خاکی 177 سے شروع ہو کر 185 پر ختم ہوگا۔ اس موقع پر دو عمل دونگا جو کہ بندش کیلئے ہے۔

عمل نمبر 1: ۔ چھری بند کٹھاری بند ڈال بند ڈول بند سلامت والے کی علی بند پکی بند۔

عمل نمبر 2: ۔ شاہ شاہ سینہ میں گھسا گنجشک کا لڑا وڑا اڑا، تم ہو غریب پرور سارے جگت کے سر درد دیکھو، جمال انور یا مصطفیٰ یا محمد مسجد میں محمد، میدان میں علیؑ لاؤ بشکر کل علیؑ آل دفتر محمد کا، کا جاد کاج بند ناڑ، بند نظر مکھی چوٹ بند، سلیمان پیغمبر کی دہائی بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ترکیب و فوائد: ۔ یہ عمل زبان بندی، نظر بندی، آسیب، جن و شیاطین برائے دفع دشمن، دفع تکلیف خصوصی طور پر حُب و عداوت وغیرہ کیلئے جب تک حاجت پوری نہ ہو روزانہ باوضو مصلے پر بیٹھ کر مقررہ وقت پر پڑھیں،

ہر مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ شروع کریں۔

عمل خاص برائے وسعتِ رزق:۔ گرہن کے وقت یہ عمل میری طرف سے ایک سینہ کا راز اور تحفہ ہے۔ عمل کی ترکیب پر غور کریں اور وقت سے پہلے عمل کو تیار کرلیں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

1:۔ سورۃ الشمس کے اعداد شمسی لیں اور ان کے حروف بنالیں اگر تین حروف ہیں تو پہلے حرف سے مؤکل کے ساتھ آئیل لگائیں دوسرے سے جن آخر میں یوش اور تیسرے حرف سے اعوان آخر میں طیش لگائیں۔

2:۔ اپنے نام معہ والدہ کے اعداد شمسی لیکر ان کے حروف بنا کر مؤکل جن اور اعوان پیدا کریں۔

3:۔ اس سورۃ کے اعداد قمری لیکر حروف بنا کر اسمائے ثلاثہ پیدا کرو۔

4:۔ اب مثلث آتشی چال میں اس طرح پُر کریں کہ سورۃ الشمس سے شمسی حروف سے پیدا کردہ مؤکل جن اور اعوان حصہ اوّل دوئم سوم میں لکھیں۔ ابجد قمری سے پیدا کردہ مؤکل جن اور اعوان نقش کے خانہ چہارم پنجم اور ششم میں پُر کریں اپنے نام سے پیدا کردہ مؤکل جن اعوان خانہ نمبر **9,8,7** میں لکھیں۔

5:۔ سورج گرہن کے وقت نقش لکھنے سے قبل غسل کریں پاکیزہ کپڑے پہنیں، رجال الغیب کا خیال رکھیں، معطر خوشبو کا بخور سلگائیں۔

6:۔ سورج گرہن کے دوسرے دن جو تاریخ ہو اتنی بار سورۃ الشمس پڑھ کر انگوٹھی پر دم کریں۔ پڑھنے کی تعداد **40** روز تک ہے۔ پڑھنے کا وقت ساعت شمس ہے۔ اس طلسم کے اثرات وسعت رزق، تسخیر خلائق، پسند کی شادی کے علاوہ یہ بہت کچھ فوائد حاصل ہونگے۔

مثال حاضر ہے:۔

(i) سورۃ الشمس کے اعداد **81147** خ ش غ ا ذ ی، خشائیل غایوش کیطیش

(ii) سورۃ شمس کے اعداد قمری **17071** ا ح ز ی غ، اعائیل زتاش غضیش

(iii) انتظار حسین **2531** ا س ل ب ی، اسائیل لبیوش یطیش

نقش اسطرح بنے گا:۔

۷۸۶
جبرائیل

لبیوش	خشائیل	غطیش
طیطیش	زیوش	اسائیل
اغائیل	یطیش	غایوش

میکائیل — اسرافیل — عزرائیل

از تحریر: ندیم حیدر جعفری، کراچی

اعمال حروفِ صوامت

شمس گرہن کا آغاز 02 جولائی 09:55 منٹ اور انتہاء 03 جولائی رات 12:22 منٹ پر ہوگا، جبکہ قمری گرہن کا آغاز 16 جولائی رات 11:51 منٹ اور انتہاء 17 جولائی 02:30 پر ہوگا اور اختتام 17 جولائی صبح 05:17 منٹ پر ہوگا

گرہن شمسی ہو یا قمری علم نجوم کے شعبے جیوتش میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں خصوصاً گرہن کی نحوست بڑی انقلابی قسم کی ہوتی ہے۔ اس نحوست سے محفوظ رہنے کیلئے دین اسلام نے روحانی غسل کے طور نماز کسوف و نماز خسوف واجب فرما کر گرہن کے اثرات کی حقیقت کو اظہر من الشمس فرما دیا۔ مگر ماڈرن اور مغربی تہذیب کے مقلد نحوست گرہن کے نظریہ کو دقیانوسی قیاسیات اور محض توہم پرستی خیال کرتے رہے۔ دراصل مادیت کے عفریت نے انہیں صرف مادی حواس کی حدوں میں مقید کر رکھا ہے۔ بالآخر مادی سائنس بھی ان نادیدہ اور غیر مرئی قوتوں کے اثرات کو ماننے پر مجبور اور محصور ہو گئی۔ چنانچہ میڈیکل سائنس کے عالمی ادارہ (عالمی ادارہ صحت) نے لوگوں کو خبردار کیا کہ گرہن کے صحت پر مفید اثرات مرتب ہو سکتے ہیں جس کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں ادارہ نے متنبہ کیا کہ گرہن کے دوران مسلسل کھلی جگہ پر رہنے سے جلد کا کینسر ہو سکتا ہے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں شعبہ امراض چشم کے سربراہ پروفیسر نذیر احمد آسی کے بقول گرہن کے وقت خارج ہونے والی انفراریڈ شعاعیں معمول کی روشنی سے بہت زیادہ تیز ہوتی ہیں جو ایک سیکنڈ سے کم وقت میں آنکھ کے میکولا کو جلا دیتی ہے۔ جنرل ہسپتال کے آئی وارڈ کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر افضل شیخ نے کہا کہ سورج یا چاند گرہن کے وقت نکلنے والی الٹراوائیلٹ اور انفراریڈ ریز سے آنکھ کا وہ حصہ جہاں تصویر بنتی ہے جس کو ریٹینا کہتے ہیں کے خلئے جل جاتے ہیں۔ سروسز ہسپتال (لاہور۔ پاکستان) کے سابق اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد اسلم نون کہتے ہیں گرہن سے نکلنے والی شعاعیں آنکھ کے پردہ کے مرکزی حصہ سودیہ کو 90 فی صد جلا سکتی ہیں جو دوبارہ درست نہیں ہو سکتا۔

قارئین محترم! یہ نظریات تو تھے سائنس کے گرہن کے دوران روحانی طور پر جن اعمال کی فوقیت حاصل ہے اُن میں حروف صوامت غیر معمولی مشہور و معروف ہیں اس لئے بزم امروز میں انہی اعمال صوامت پر اکتفا کیا جائے گا۔ ماہنامہ آئینہ قسمت ایسا روحانی فورم ہے جس میں ہر وقت کی مناسبت سے اعمال درج کئے جاتے ہیں۔ ہر مرتبہ آپ سورج یا چاند گرہن کے دوران مختلف قلم کاروں کے کالم آپ نے پڑھے ہونگے۔ گو کہ یہ تمام مضامین خواہ خیر ہوں یا شر عوام کے وسیع تر مفاد میں ہی لکھے جاتے ہیں۔ میں آج دو اعمال حروف صوامت درج کر رہا ہوں۔ عمل عقد اللسان، عمل تسخیر مؤکل حروف صوامت یہ دونوں عملیے حد موثر ہیں لیکن کسی کیلئے ناجائز مت کریں ایسا کرنیوالا دُنیا و آخرت میں رسوا ہوگا ہاں جائز امور میں شریعت بھی اجازت دیتی ہے۔

عمل عقد اللسان

آپ کہیں رشتہ چاہتے ہیں اور فریقین ناراض ہیں کوئی بدگو ہے جس سے آپ کی عزت نفس کو خطرہ ہے افسران بالا کی زبان بندی مطلوب ہے یا کوئی پیچیدہ مرض ہے اس کی بندش کرنی ہے یقیناً آپ اس عمل سے مدد لے سکتے ہیں۔ مثلث و مربع کی ترکیب تو سب کو آتی ہے اس لئے مختصراً مثال دونگا۔ اس عمل میں کمال کی چیز صرف خصوصی چالیس ہیں۔ یہ چالیس اور عمل کتاب "سر المکتوم" سے درج کر رہا ہوں۔

اعداد نام مطلوب : ۱۵۰۵

اعداد فریقین : ۲۰۱۱

اعداد کتاب : ۲۰۱۳

۱۸۳۹=۵۵۱۷+۳=۱۲_۵۵۲۹

خصوصی چال

۳	۷	۵
۴	۲	۹
۸	۶	۱

نقش

۱۸۴۱	۱۸۴۵	۱۸۴۳
۱۸۴۲	۱۸۴۰	۱۸۴۷
۱۸۴۶	۱۸۴۴	۱۸۳۹

ایسی تین مثلث پر کریں ایک ریزہ کر کے قبر میں دفن کریں دوسری کو مردہ

کے قبر کی مٹی ملا کر اُس جماعت یا جگہ کے اندر ڈالیں جن کی تسخیر چاہتے ہیں (اگر جماعت یا جگہ پر مٹی نہ ڈال سکیں تو یہی طریقہ عرق گلاب و کثورہ سے کریں) تیسری مثلث کو موم کے پتلے کے پیٹ میں رکھیں اور منہ میں مربع رکھیں جس کی تفصیل ذیل میں دی جاتی ہے۔

اعداد مطلوب : ۱۵۰۵

اعداد فریقین : ۲۰۱۱

اعداد کتاب : ۲۶۲۴

۶۱۴۰ـ۳۰= ۶۱۱۰ ÷ ۴ = ۱۵۲۷ کسر خانہ ۹

چال نقش

۸	۱۴	۱۱	۱
۳	۹	۱۶	۶
۱۰	۴	۵	۱۵
۱۳	۷	۲	۱۲

نقش

۱۵۳۴	۱۵۴۱	۱۵۳۸	۱۵۲۷
۱۵۲۹	۱۵۳۶	۱۵۴۳	۱۵۳۲
۱۵۳۷	۱۵۳۰	۱۵۳۱	۱۵۴۲
۱۵۴۰	۱۵۳۳	۱۵۲۸	۱۵۳۹

اب یہ پتلا کے منہ میں رکھ (مثلث و مربع کے نقوش کے اطراف نام مطلوب و فریقین اعداد حروف صوامت امتزاج کر کے لکھیں) کہ کسی اندھیری جگہ رکھیں۔ اس عمل کی تاثیر یہ ہے کہ **24** گھنٹے میں اللہ تعالیٰ مدد کرتا ہے۔ یہ عمل حصول رشتہ میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

تسخیر مؤکل حروف صوامت

حروف صوامت پہ کافی کچھ لکھا جا چکا کافی عملیات آپ نے گاہے بگاہے پڑھے بھی ہونگے لیکن ایسا لاثانی عمل کہیں نہ پڑھا ہوگا گو کہ مشکل ترین عمل میں سے ایک ہے۔ لیکن بعد از تسخیر سمجھ لیں تصرفات و تسخیرات کا خزانہ مل جائے گا جس طرح اعمال صوامت جلد اثر کرتے ہیں اسی طرح اس کا مؤکل بھی کام کرتا ہے۔ لیکن عمل سوچ سمجھ کر کریں اپنی ہمت و حوصلہ کو مدنظر رکھیں اور نہ ہی عمل ادھورا چھوڑیں اور نہ ناغہ کریں ورنہ اس کی سخت ترین رجعت سے نہ بچ پائیں گے۔ میں آپ کی رہنمائی کیلئے مکمل ہدایات درج کر رہا ہوں تاکہ آپ کو عمل میں تقویت ملیا ور آپ کامیابی سے ہمکنار ہوں۔

پرہیز: پرہیز جلالی و جمالی ہوگا۔ تنہا اور پاک صاف کمرہ ہو جہاں لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ عمل کا کسی سے اظہار نہ کریں لباس احرامی (بغیر سلا) اور خوب معطر ہو۔ روزانہ مقررہ وقت اور جگہ یہ عمل کریں۔ ہمہ وقت باوضو رہیں۔

ترکیب عمل: دیسی مرغی کے تیرہ عدد تازہ انڈے حاصل کریں اب ہر انڈے پر باوضو بخور جلا کر تنہا جگہ پر ایک حروف مع اضمار وقوت الحروف کالی سیاہی سے (جو اسی غرض سے تیار کی گئی ہو سرکنڈے کے قلم سے رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے تحریر کرین) پھر ان تمام انڈوں کو بالترتیب کسی لکڑی کے نئے اور پاک صاف بکس (یہ بکس بھی عروج ماہ کسی پرہیز گار متقی نمازی بڑھئی سے پہلے ہی تیار کروا کر رکھیں) محفوظ رکھ دیں اب روز اول اندھیرے کمرے مین جو شرائط عمل پر پورا اترتا ہو میں بیٹھ کر پہلا حرف الف کا ہے لیں اور اس جگہ پر **111** مرتبہ عزیمت پڑھیں اور انڈے کو بکس میں رکھ دیں۔ خیال رہے کہ اس تمام عمل (پڑھنے کے دوران) کے وقت اپنی آنکھیں بند رکھیں۔ اب دوسرے روز دوسرے حرف کا انڈا لیکر بالکل پہلے روز کی طرح اندھیرے میں عمل کی عزیمت کو **9** بار پڑھین۔ اسی طرح ہر روز انڈے پر متعلقہ حرف کی تعداد ملفوظی کے مطابق عزیمت پڑھیں۔ گویا یہ پڑھائی **13** یوم میں مکمل ہوگی۔ اب پڑھائی تمام کرنے کے بعد روزانہ انڈوں کو یکجا رکھ کر عزیمت عمل **543** مرتبہ پڑھا کرین۔ اس طرح **8** یوم عمل کریں۔ انشاء اللہ **21** یوم سے قبل ہی حروف صوامت کا مؤکل بضائیل آپ کے پاس ہو حاضر ہوگا۔ اگر **21** یوم سے قبل گفتگو کرے تو جواب نہ دیں لیکن سلام کا جواب دل میں دے لیا کریں۔ آخری دن اپنی پڑھائی مکمل کر کے اس سے اطمینان سے باہوش بات کریں۔ عہد و پیمان سوچ سمجھ کر کریں۔ کوئی شرط ایسی نہ مانیں جو پوری نہ کر سکیں۔ مؤکل آپ کو حروف صوامت کی کلید دعوت عطا کرے گا۔ اس سے آپ کے حروف صوامت کے تمام اعمال جاری ہو جائیں گے۔ پھر جب بھی ضرورت ہو آپ **543** مرتبہ عزیمت پڑھیں اسی وقت مؤکل حاضر ہوگا۔

عزیمت: اجب یا بضائیل بحق الم الم طٰسٓ طٰسٓمٓ صٓ و بحق اسم اللہ الاعظم احضرونی احضرونی الغلاّم حالف والانعم رآلف سینیاؤتن صاد الاوف طالف عینیاؤنن کافالافف لاما لیغم میمائیمم واوالاونو هآلف یایها الملك الحروف الصوامت احضر و بحق قوۃ الحروف یجح فی میح کی واہ طیم صیی راہبیح جیدداد سیس نہی۔

ضروری احتیاط: حاضری مؤکل میں خیال رکھیں اسے معمولی معمولی باتوں کیلئے حاضر نہ کریں لوگوں میں کبھی بھی حاضری کا عمل نہ کریں جہاں حاضری مطلوب ہو وہ جگہ خوب معطر اور پاک ہو اور وقت حاضری بخور سلگانا ضروری ہے۔ اپنے کام کے بعد بصد عزت و احترام سے جانے کی اجازت دیں۔ آخر میں ادارہ آئینہ قسمت محترم شاہ زنجانی صاحب اور زنجانی برادرز اور مجھ گنہگار کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔

طریقہ خصوصی زکات حروف صوامت

یوں تو دنیائے روحانیات میں کئی ایک طرائق زکات حروف صوامت رائج ہیں جن میں مشہور طریقہ کسی بھی گرہن میں حروف صوامت ''احد رسں طعک لموہ'' کو 543 بار لکھنا ہے پھر روزانہ 13 مرتبہ لکھنے کی مداومت کے علاوہ ہر گرہن میں تجدید زکات بھی کرنی ہے۔ لیکن میں جو طریقہ لکھ رہا ہوں یہ میرے پاس قلمی بیاض میں درج ہے اور میں نے نہایت مجرب پایا ہے۔ علوم مخفیہ کا ایک راز عیاں کر رہا ہوں ویسے تو ہر روحانی جرائد میں عاملین اپنے سینے کے صدری راز ہی پیش کرتے ہیں مگر جب تجربہ کیا جائے تو ایک بھی معیار پر پورا نہیں اترتا۔ میں ان خرافات سے ہٹ کر ایک خالص تجربہ شدہ طریقہ زکات آپ کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ آپ تعریف کئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ جن عاملین کے اعمال صوامت بعد از زکات بھی بے اثر رہتے ہیں انہیں دعوت عمل دیتے ہیں۔

طریقہ زکات: حسب شرائط زکات پابند رہ کر اس قاعدہ سے حروف صوامت کی زکات ادا کریں۔ حروف کو ملفوظی کریں اور اعداد نکال کر ان اعداد کے حروف بنائیں پھر ان کو ملفوظی کریں۔ ملفوظی کو پھر ابجد عددی میں لکھیں اب اعداد ملفوظی حروف تعداد عربی عددی اور تعداد ملفوظی عددی جمع کرین۔ اب میں آپ کی آسانی کیلئے صرف حروف ''الف'' کی تشریح کرونگا باقی حروف صوامت کا عمل آپ خود تیار کرلیں

مثال: حرف الف کے اعداد 111 ہوئے حروف ا ی ق بنے ان کو ملفوظی کیا تو الف یا قاف بنے اب انہیں عربی عددی کیا تو ترتیب یہ بنی

ال ف ی ا ق ا ف

احد ثلثین ثمانین عشرہ احد مائۃ احد ثمانین

کل حروف 36 ہوئے اور ملفوظی حروف 8 ہوئے کل 111 اب ان سب کو جمع کیا تو 111+8+36=155 ہوئے

155-100=55 لہذا اسم رومی ھن استخراج ہوئے جن کو مرکب کیا تو لفظ ھنسم ہوا (اس طریقے میں آپ کو لفظ سم کے عدد نفی کرنے ہونگے جیسا کہ مذکورہ مثال میں 100 عدد نفی کئے گیے) اب طریقہ پڑھائی یہ ہوگا۔ اجب یا اسرافیل بحق یا الف ھنسم

یہ عزیمت آپ نے وقت گرہن 155 مرتبہ لکھنی اور پڑھنی ہوگی۔ بالکل اسی طرح ہر حروف کی عزیمت استخراج کر کے عمل کریں تو زکات ''حروف صوامت اسراری'' ادا ہو جائے گی۔

قارئین کرام! آپ کی خدمت میں چاند گرہن اور سورج گرہن میں زکوۃ ادا کریں اور پھر عمل کی روحانی طاقت دیکھیں۔ اگر کسی ظالم، چغل خور، بے گناہ تنگ کرتا ہے یا کوئی نقصان دینے کا منصوبہ بنا رہا ہے تو اس کی زبان بندی کا کام اس وقت کرتے ہیں۔ جب کوئی شخص خلاف کام کرتا ہو یا خلاف چلتا ہو یا

برا بھلا کہتا ہے یا برائی کرتا ہے یا آفیسر خلاف چلتا ہو تو اس آفیسر کی بولتی بند کریں یا میاں بیوی میں کوئی بدزبانی ہوتی ہو یا تو تو میں میں کرتا ہو تو یہ عمل کریں۔ آسان عمل پرتاثیر تیر بہدف ہے۔ اسم پاک "یا والی" کی دوران چاند گرہن یا سورج گرہن میں پہلے اس اسم پاک یا والی کی زکوٰۃ ادا کریں، جو بالکل آسان ہے۔ اس زکوٰۃ صغیر ادا کرنے سے آپ ایک سال تک عامل ہیں، آرام سے دشمن یا آفیسروں کی زبان بندی کر سکتے ہیں۔ سورج گرہن کی ابتداء 20 مارچ 12 بجکر 54 منٹ، مکمل گرہن 14 بجکر 36 منٹ، خاتمہ گرہن 15 بجکر 16 منٹ پر ہوگا۔ مزید معلومات کے لیے زنجانی جنتری کا مطالعہ کریں۔ اسم یا والی کا مثلث 47 الواح آتشی، 47 الواح بادی، 47 الواح آبی اور 47 الواح خاکی عین وقت گرہن میں تیار کریں۔ پاک صاف کاغذ اور پاک سیاہی سے آتشی الواح کو جلائیں۔ بادی الواح کو پیپل کے درخت میں باندھیں، آبی الواح کو جاری آب میں بہادیں، خاکی الواح کو پاک زمین میں دفن کریں اور نماز آیات چاند یا سورج گرہن پڑھیں، پھر اسی مصلہ پر 2209 مرتبہ اسم یا والی پڑھیں۔ اب آپ عامل ہوگئے۔

ایک سال کے لیے عمل کو جاری رکھنے کے لیے 47 مرتبہ نماز عشاء کے بعد پڑھیں، اب کسی کی زبان بند کرنی ہو تو 4 الواح تیار کریں۔ ساعت عطارد میں ایک کو قبر میں دفن کریں، ایک وزن کے نیچے رکھیں، ایک کو دشمن کی گزرگاہ میں دفن کریں، ایک کو راست بازو میں باندھو اور سکون حاصل کرو۔ اس عمل کی اجازت مجھ سے لو یا سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب سے حاصل کرو۔ بغیر اجازت کے جو بھی عمل کرے گا وہ نقصان اٹھائے گا اور خود ذمہ دار ہوگا۔

ترتیب الواح زکوٰۃ میں استعمال کریں۔

۷۸۶ چال آتشی		
۱۷	۱۱	۱۹
۱۸	۱۶	۱۳
۱۲	۲۰	۱۵

۷۸۶ چال بادی		
۱۲	۱۸	۱۷
۲۰	۱۶	۱۱
۱۵	۱۳	۱۹

۷۸۶ چال آبی		
۱۷	۱۸	۱۲
۱۱	۱۶	۲
۱۹	۱۳	۱۵

۷۸۶ چال خاکی		
۱۵	۲۰	۱۲
۱۳	۱۶	۱۸
۱۹	۱۱	۱۷

یہ لوح زبان بندی کے کام میں استعمال کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا والی	یا جبرائیل علیہ السلام	یا والی
۱۵	۲۰	۱۲
۱۳	۱۶	۱۸
۱۹	۱۱	۱۷
یا والی	یا میکائیل علیہ السلام	یا والی

یا عزرائیل علیہ السلام — یا اسرافیل علیہ السلام

از تحریر: سید امیر حیدر کاظمی، جھنگ

عرفان جفر

مستحصلہ کنز الاسرار

قارئین آئینہ قسمت السلام وعلیکم! علم جفر آئمہ معصومین کا پاکیزہ علم ہے۔ یہ علم اپنے باطن کے اعتبار سے روحانی ووجدانی کیفیت کا حامل ہے۔ اس علم کو سمجھنے کیلئے کشف وکرامت والی نگاہوں کا ہونا بھی ضروری ہے۔ تاریخ کی کتب میں ہے کہ مولا امام جعفر صادقؑ نے اپنے اصحاب کو اس علم سے فیضیاب فرمایا تھا۔ مولا امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں "ہمارے پاس علم مستقبل وعلم مکتوب ہے جو دلوں میں بیٹھ جاتا ہے۔ لوگوں کے کانوں پر دستک دیتا ہے۔ ہمارے پاس جفر احمر اور جفر ابیض اور مصحف فاطمہؑ اور جفر جامع ہے جس میں ہر وہ چیز ہے جس کی لوگوں کو ضرورت ہے۔ (بحار الانوار جلد 8 ص 28) قارئین کرام! آج آپ کی خدمت میں ایک مجرب ترین قاعدہ پیش کر رہا ہوں۔ جس کے جوابات انتہائی صحیح اور عمیق وسعت علم پر مبنی ہوتے ہیں۔

اصول قاعدہ:۔ (1) مکمل یکسوئی سے واضح سوال لکھیں۔ (2) اب اس سوال کو بسط حرفی کر کے ابجد قمری سے اعداد معلوم کریں۔ (3) اب سطر بسط حرفی میں تعداد حروف اور تعداد نقاط معلوم کریں۔ اور ان دونوں کے میزان کو سوال کی قیمت میں جمع کریں۔ یہ جمل کبیر ہوگا۔ اس جمل کبیر سے حروف بنالیں۔ اور ملفوظی کریں۔ یہ سطر اساس ہوگی۔ (4) سطر اساس کو نظیرہ ابجد قمری دیں۔ (5) سطر نظیرہ کو موخر صدر کریں۔ (6) سطر مؤخر صدر کے ہر حرف کو اعداد جدول بدوح یلن سے دیں۔ (7) اب ہر حرف کے نیچے عدد قانون 3 لکھیں۔ مگر ق ش ث ذ ظ کے نیچے نہ لکھیں۔ (8) اس کے بعد ربعات لکھیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے چار اعداد کے نیچے چار مرتبہ (1111) لکھیں۔ اس کے بعد (2222) لکھیں۔ اس کے بعد (3333) لکھیں۔ اسی طرح یہ سطر مکمل کریں۔ (9) اب سطر زائد العشر لکھیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ بائیں سے دائیں ایک تا نو اعداد لکھیں۔ خانہ دہم کو چھوڑ کر پھر 1 تا 9 لکھیں۔ (10) اب اعداد تکرار جنس لکھیں یعنی حرف مساوات اگر ایک بار سطر میں تکرار کرے تو 0 لکھیں اگر دوسری بار یہی حرف آئے تو اس کے نیچے 1 لکھیں۔ اگر تیسری بار آتے تو 2 لکھیں۔ اگر چوتھی بار آتے تو 3 ہذالقیاس۔ (11) اب ان سطور کے اعداد کو جمع کریں۔ (عدد بدوح + عدد قانون + عدد ربع + عدد عشر + عدد تکرار)

مساوات	ا	ج	ھ	ز	ط	ک	م
اعداد	۱	۳	۵	۷	۹	۲	۴
ترفع	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
اعداد	۴	۶	۸	۱۰	۳	۵	۷
تنزل	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
اعداد	۳	۴	۲	۳	۴	۵	۶
ترقی	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
اعداد	۴	۸	۴	۸	۲	۶	۲

اور اس کا میزان ہر خانے کے نیچے لکھتے جائیں۔ اس میزان کے اکائی عدد سے بذریعہ ایقغ بالترتیب جواب ناطق کریں۔ نہایت ہی عمدہ، واضح جواب برآمد ہوگا۔ انشاء اللہ

یا علیم:۔ فطین جاوید بن (___) کو کیا مرض لاحق ہے؟ 15 مارچ 2016ء

اعداد سوال:۔ 3393 تعداد نقاط 30 تعداد حروف 56 میزان 3479

حروف:۔ ط ع ت ج غ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
اساس	ط	ا	ع	ی	ن	ت	ا	ج	ی	م	غ	ی	ن
نظیرہ	ث	س	ب	خ	غ	ح	س	ف	خ	ظ	ن	خ	غ

موخرصدر	غ	ش	خ	س	ن	ب	ظ	خ	خ	غ	ف	ح	س
جنس	ترقی	تنزل	ترقی	تنزل	ترفع	ترفع	تنزل	ترقی	ترقی	ترقی	تنزل	ترفع	تنزل
عددبدوح	۲	۴	۲	۳	۷	۴	۶	۲	۲	۲	۴	۱۰	۳
عددقانون	۳	-	۳	۳	۳	۳	-	۳	۳	۳	۳	۳	۳
زائدالعشر	۳	۲	۲	-	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ربعات	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳	۴
تکرارجنسی	-	-	۱	۱	-	۱	۲	۲	۳	۴	۳	۲	۴
میزان	۹	۷	۸	۸	۱۲	۸	۱۷	۱۵	۱۶	۱۶	۱۶	۲۰	۱۵
اکائی	۹	۷	۸	۸	۱	۸	۷	۵	۶	۶	۶	۲	۵
مستحصلہ	ظ	ز	ح	ف	غ	ح	ز	ن	س	س	خ	ب	ه
نظیرہ/خود	م	ش	ت	ج	ن	ح	ز	ن	ا	س	ی	ب	ه
جواب	مشت			جن		حزن			آسیب ہے۔				

یاعلیم:۔ کیا علی حیدر بن (___) کو علم آگاہی حاصل ہوگا؟ 5 نومبر 2018ء

جمل کبیر:۔ 2865 تعداد نقاط 24 تعداد حروف 61 میزان 2950

حروف:۔ ن ظ ب غ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
اساس	ن	و	ن	ظ	ا	ب	ا	غ	ی	ن
نظیرہ	غ	ر	غ	م	س	ع	س	ن	خ	غ
موخرصدر	غ	غ	خ	ر	ن	غ	س	م	ع	س
جنسی	ترقی	ترقی	ترقی	ترقی	ترفع	ترقی	تنزل	مساوات	ترقی	تنزل
عددبدوح	۲	۲	۲	۴	۷	۲	۳	۴	۴	۳
عددقانون	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳
زائدالعشر	-	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ربعات	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۲	۲	۳	۳
تکرارجنس	-	۱	۲	۳	-	۴	-	-	۵	۱
میزان	۶	۱۶	۱۶	۱۸	۱۸	۱۶	۱۲	۱۲	۱۷	۱۱
اکائی	۶	۶	۶	۸	۸	۶	۲	۲	۷	۱
مستحصلہ	و	س	س	ح	ض	و	ر	ب	ز	ی
نظیرہ/خود	ر	ا	س	ت	ل	و	ر	ب	ش	ی
جواب	راست				لو		رب		شے	

(واللہ اعلم بحقائق الامور)

شرفِ قمر

از انتخاب: شہزادہ سید مصور علی زنجانی

صدری نایاب اعمال سورۃ یٰسین

اوقات شرفِ قمر:۔ شرفِ قمر کی ابتداء 27 جون 22:21 منٹ اور انتہاء 28 جون 00:15 پر ہوگی۔

سورۃ یٰسین جسے کلام پاک کا دل کہا گیا ہے اس کی خوبیوں سے صرف عاملین واقف ہیں یہ عملیاتی دُنیا میں کسی خزانہ سے کم نہیں آج آپ کی خدمت میں وہ صدری نایاب عمل پیش کر رہا ہوں جو شاید ہی اس سے پہلے آپ کی نظروں سے گزرے ہوں۔

دعوت سورۃ یٰسین

جو شخص اس سورۃ کی زکوٰۃ ادا کریگا تمام اسرارِ باطن اس پر ظاہر ہو جائیں گے اور جس مقصد کیلئے ایک بار پڑھے گا وہ سات دنوں کے اندر اندر ضرور پورا ہوگا اور اس کے مؤکلات مسخر ہو کر عامل سے ہمکلام ہونگے اول اس کو حفظ کریں اس کے بعد ماہ رجب یا شعبان یا رمضان المبارک یا محرم الحرام میں شروع کریں ہر روز علی الصبح کسی دریا کے کنارے جا کر غسل کریں اور پھر وہاں ہی کسی کنارے پر خلوت کی جگہ بیٹھ کر عزیمت سورۃ یٰسین ایک ہزار ایک مرتبہ مکمل توجہ سے پڑھیں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ ضرور پڑھیں بعدہ پانی کے اندر اس طرح کھڑا ہو کہ پانی ناف تک لازماً ہو سورۃ یٰسین چالیس مرتبہ پڑھے اول روز سے ہی عجائبات کا ظہور شروع ہو جائے گا۔ عامل کو چاہئے کہ اپنا دل مضبوط رکھے۔ عمل سے قبل حصار بدنی قائم کرے اسی طرح چالیس یوم عمل کرے۔ پرہیز جلالی و جمالی پرکار بند رہے۔ آخری روز تمام اسرارِ باطن عامل پر ظاہر ہونگے اور تمام عالم علویات و سفلیات کا عامل بن جائے گا اور مؤکل حاضر ہو کر مطیع و مسخر ہونگے آخری یوم کسی سفید شرینی پر فاتحہ پیغمبر خدا محمد مصطفیٰ ؐ کی ضرور دے اس عمل کی خوبیاں تحریر سے باہر ہیں جو محنت کرے گا منزل اس کو ضرور ملے گی۔ عزیمت اس کی یہ ہے۔ عزیمت یہ ہے:

عزمت علیکم برب یٰسین والجبرائیل والمیکائیل فانہ عزمت علیکم بخاتم سلیمان بن داؤد علیھما السلام الذی سخرلہ کل شیءٍ من امر اللہ سرا و جھرا باذن سبحانہ تعالیٰ عما یصفون

اعمال آیات سورۃ یٰسین

یہ اعمال جو درج ذیل پیش کئے جا رہے ہیں اگر عامل زکوٰۃ ادا کرے گا تو یکدم اثر کریں گے۔ بغیر زکوٰۃ بھی کام کرتے ہیں بشرطیکہ عامل کی زبان میں اثر ہو یا کسی صاحب عمل کی طرف سے اجازت مل جائے۔

حب

ذیل آیت مبارکہ کسی میٹھی چیز پر مطلوب کے اعداد کے مطابق دم کر کے مطلوب کو کھلا دیں اور اگر کھلانا ممکن نہ ہو تو چیونٹیوں کو ڈال دیں مطلوب غلام بے دام بن جائے گا۔ آزمودہ ہے، آیت مبارکہ یہ ہے:

وجعلنا من بین ایدیھم ...وسواء علیھم تک

بغض وعداوت

دو اشخاص کی آپس میں عداوت کرنا ضروری ہو تو اس آیت کو الگ الگ دو جگہوں پر لکھ کر دونوں کو دھو کر پلا دیں اگر پلانا ممکن نہ ہو تو دونوں کی چوکھٹ میں ایک ایک تعویذ رکھ دیں مرتے دم تک دونوں میں دشمنی پیدا ہو جائے گی مجرب و آزمودہ ہے۔ دونوں کے نام مع والدہ بھی لکھیں۔

آیت یہ ہے:

وسواء علیھم ءَ انذرتھم .... آخر تک پھر آگے یہ لکھیں البغض فلاں بن فلاں والعداوت فلاں بنت فلاں۔

واپسی مفرور

اگر کوئی بھاگ گیا ہو یا گم ہو گیا ہو تو یہی آیت جو اوپر گزری ہے سات

مرتبہ گھر کے چاروں کونوں پر پڑھ کر دستک دیں اور مفرور کا نام بھی لیتے جائیں انشاء اللہ بھاگا ہوا واپس آئے۔ اس کے علاوہ یہی عمل گمشدہ اشیاء کیلئے بھی کام میں لایا جاتا ہے۔

بیماریوں سے شفاء

یہ آیت ہر قسم کی بیماریوں اور درد کیلئے بہت مؤثر ثابت ہوئی ہے۔ مریض کو اکیس دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں یا چینی کی پلیٹ پر زعفران وعرق گلاب سے لکھ کر دھو کر پلائیں انشاء اللہ چند دنوں میں سخت سے سخت مرض جاتا رہے گا۔ کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے آپ بھی عمل میں لائیں انشاء اللہ بہت کامیاب عمل ہے۔ آیت یہ ہے:

انا نحن نحی الموتیٰ.....مبین o تک۔

تسخیر افسران

ذیل آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھکر اپنے منہ پر دم کر کے ظالم سے ظالم حاکم یا افسر کے پاس جائے کچھ سختی نہ کرے گا اور عامل کا کہا پورا کرے گا۔ اسی طرح اگر نوکری وغیرہ کیلئے درخواست دینی ہو تو درخواست پر ایک سو ایک بار دم کر کے دیں آپ کی درخواست رد نہ ہوگی۔ آیت یہ ہے:

سلامٌ قولاً من رب رحیم ...ایھا المجرمون

زبان بندی

دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق یہ آیت پڑھ کر ایک کنکر پر دم کریں اور وہ کنکر دشمن کو ماریں زبان اس کی بند ہوگی اور عامل سے خوف کھائے گا۔

نختم علی افواھھم و تکلمنا...کانو یکسبون

نایاب عمل حاضرات

سلامٌ قولاً من رب رحیم o

سورۃ یٰسین کی یہ آیت حاضرات کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے اور اس کے مؤکلات عامل کی درست راہنمائی کرتے ہیں اور بھرپور روحانی مدد بھی کرتے ہیں یہ نایاب عمل حاضرات ہے۔ حاضرات کے شوقین حضرات یہ عمل ضرور کریں۔ انشاء اللہ ناکامی نہیں ہوگی۔ اول اس کی زکوٰۃ ادا کریں طریق یہ ہے کہ نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں اور نماز عشاء اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی اور آیت گیارہ سو مرتبہ متواتر اکیس یوم پڑھیں۔ پڑھائی کا وقت اور جگہ ایک ہونا نہایت ضروری ہے۔ آخری یوم سفید شرینی پر تمام انبیاء و اولیائے عظام و مؤکلات کی فاتحہ دیں اور معصوم بچوں میں بانٹ دیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اس کے بعد جب بھی حاضرات پیش آئے کسی ایسے معمول کا انتخاب کریں جس پر حاضرات ہوتی ہو عمر کی قید نہیں ہے خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ معمول کی ہتھیلی پر حاضرات کا کاجل لگائیں اور اسے اس پر نظر جما کر دیکھنے کو کہیں اور اکیس مرتبہ آیت پڑھ کر معمول پر پھونک دیں۔ تھوڑی ہی دیر بعد حاضرات کا نزول ہو جائے گا اور آپ کے ہر سوال کا جواب سو فیصدی درست ملے گا۔ اس کے علاوہ یہ حاضرات ایسے مریضوں پر بھی ہوتی ہے جن پر کوئی ذی روح مسلط ہو۔ طریق یہ ہے کہ مریض پر آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھ کر پھونکیں جو کوئی ذی روح ہوگی حاضر ہو کر ہمکلام ہوگی پھر یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے کہ خواہ اُسے جلائے، قید کرے یا دوبارہ نہ آنے کی قسم لیکر آزاد کر دے۔ آزمودہ است۔

اعمال متفرق سورۃ یٰسین

عمل حب

اگر کسی کو اپنے عشق میں بیقرار کرنا ہو تو سورۃ کو سات مرتبہ ایک سیاہ مرچ کے دانے پر دم کر کے اسے چراغ کے فتیلے میں رکھ کر خوشبودار تیل میں جلائے اور چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی جانب رکھے اور تصور یہ رکھے کہ مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔ تین یوم متواتر عمل کرنے سے محبوب حاضر ہوگا۔

عمل دولت مندی

سورۃ کا نقش مربع آتشی چال سے ساعت مشتری میں پر کریں اور بعد از نماز عشاء خلوت میں سورۃ اس طرح پڑھے کہ ہر مبین پر درود تاج اکتالیس بار پڑھے اور نقش پر دم کر کے اپنی جیب یا پرس میں رکھے۔ یہ خیال رہے کہ یہ نقش معمولی غفلت سے غائب ہو جاتا ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد غنی ہو جائے گا۔

عمل حاضری مطلوب

یہ عمل حیرت انگیز اثرات کا حامل ہے اور ہرگز خطا نہیں کرتا۔ مطلوب چاہے کوسوں دور کیوں نہ ہو سات یوم کے اندر اندر غیب سے عامل کے پاس پہنچ جاتا ہے احقر اس کا کئی مرتبہ تجربہ کر چکا ہے۔ جہاں بہت مشہور و مقبول

اعمال ناکام رہے وہاں اس عمل سے حاضری ہوئی۔ آپ بھی جائز طور پر آزمائیں اس کی تعریف آپ خود کریں گے۔ ترکیب یہ ہے کہ روزانہ رات دس بجے خلوت میں اپنا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کر کے سات مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھیں اور تصور مطلوب کا رکھیں بعد پڑھائی کے سات مرتبہ یوں کہیں ''اے مؤکلاتِ سورۃ یٰسین فلاں بنت فلاں کو فوراً حاضر کرو'' اور ہر بار اس کی طرف اشارہ کرو اور دھونی عود وعنبر کی روشن کرو۔ سات دن متواتر عمل کرنے سے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ یاد رہے کہ یہ عمل آپ کسی دوسرے کیلئے بھی کر سکتے ہیں مگر جائز طور پر اگر کوئی شخص غلط نظریے سے عمل کرے گا تو پاگل ہو جائے گا لہٰذا صرف جائز طور پر اس عمل کو کریں۔

عمل تحفظ سحر و جادو

آج کل اس شر پسند ماحول میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ بعض فاسق عاملین دوسروں پر حسد کی بناء پر سحر جادو کر دیتے ہیں لہٰذا ایک ایسا عمل لکھا جا رہا ہے جس سے انکا کوئی حربہ کارگر نہ ہوگا بلکہ ان کا کیا اُنہی پر الٹ جائے گا۔ عامل کو چاہئے سات دانہ گندم لیکر ہر دانے پر تین مرتبہ سورۃ پڑھ کر دم کرے اور پھر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھ لے۔ کسی قسم کا سحر جادو آسیب اثر نہ کرے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

عمل برائے لاعلاج امراض

جو شخص سورۃ یٰسین روانی سے پڑھ سکتا ہو بعد نماز جمعہ ایک کوری ٹھیکری میں دریا کا پانی بھرے اور مکان کی چھت یا دیوار پر ایک شخص بیٹھے اور ٹھیکری سے پانی دھار کی صورت نیچے گرائے اور اس کے قریب یعنی دھار کے پاس ایک ٹب رکھیں اور مریض کو بھی وہاں بٹھائیں اور عامل سورۃ یٰسین پڑھے اور تلوار سے دھار کو کاٹتا رہے اور خیال یہ ہو کہ مرض کو کاٹ رہے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ پانی اور سورۃ ایک ساتھ ختم ہونے چاہئے متواتر تین جمعہ تک عمل کرنے سے کینسر کے مریض بھی انشاءاللہ شفا پائیں گے۔ مجرب المجرب ہے۔

حاضرات سورۃ یٰسین

یہ عمل حاضرات بھی بہت اچھا ہے اس سے گمشدہ، خزانہ، مفرور اور چور وغیرہ کی معلومات بالکل درست ملتی ہیں۔ میں نے کئی مرتبہ اس عمل کا تجربہ کیا ہر دفعہ بالکل درست معلومات فراہم ہوئیں۔ طریق یہ ہے کہ سرمہ اصفہانی باریک عطر چنبیلی میں ملا کر کاجل تیار کریں اور اپنی داہنی ہتھیلی پر درمیان میں گول دائرہ بنائیں اور کسی طفل نابالغ کو سیاہ خانہ دیکھتے رہنے کو کہیں اور خود عامل سورۃ یٰسین کی تلاوت شروع کر دیں۔ چند لمحوں بعد حاضرات کا نزول ہو جائے گا اور جو کچھ پوچھیں گے درست جواب ملے گا۔

قارئین میں نے سورۃ یٰسین کے چند صدری اعمال آپ کی خدمت میں پیش کر دیئے ہیں جو ان کو عمل میں لائے گا وہی جانے گا کہ یہ کتنی بڑی نعمت ہے اور جو غافل رہے بدنصیب۔ یوں تو اس سورۃ کے اتنے اعمال ہیں کہ ان پر ایک عظیم کتاب لکھی جا سکتی ہے مگر میں نے اپنے آزمودہ اعمال پیش کئے ہیں تاکہ جو حضرات ان سے فیضیاب ہوں ان کی دعائیں میرے حق میں بہتر ثابت ہوں۔

نوٹ: کسی بھی عمل کو کرنے سے پہلے اس کی اجازت کسی عامل کامل یا پھر شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی صاحب سے لے لیں تاکہ رجعت نہ ہو۔

اپنے نیک مقاصد و جائز حاجات کے لیے سورۃ یٰسین کے خالی البطن نقش سے بھی شرفِ قمر یا زہرہ اور مشتری کے سعد اوقات میں فیض اُٹھا سکتے ہیں۔

۷۸۶		
۱۸۴۵۰	۱۴۷۶۱۰	۵۵۳۵۰
۹۲۲۵۰	یہاں مقصد لکھیں	۱۲۹۱۶۰
۱۱۰۷۱۰	۷۳۸۰۰	۳۶۹۰۰

حاضرات سورۃ فاتحہ

از تحریر: خضر عباس پیاسی، فاضل پورسٹی

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اللہ جل شانہ نے اس آیت مبارکہ میں بے پناہ فضیلت رکھی ہے۔ سورۃ فاتحہ کو تقریباً تیرہ ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ اس سورۃ میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ سب سے زیادہ اسرار وخواص رکھنے والے اسمائے حسنیٰ ہیں۔ مثلاً رب، رحمٰن، رحیم یہی وجہ ہے کہ اللہ رب العزت نے اس آیت مبارکہ کو سورۃ الشفاء بھی کہا ہے۔ حضرت ابوسعید خدری ؓ سے مروی ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا سورۃ فاتحہ ہر قسم کے زہر کی شفاء ہے، یہ سورۃ شکر ہے، اس سورۃ میں اللہ رب العزت جل شانہ کی ثناء ہے اور ثناء ہی شکر ہے۔ ہم سورۃ مبارکہ کی فضیلت کے بیان میں کیا عرض کریں اس کے لیے تو ایک عمر اور سینکڑوں کتب تحریر کریں تو ناکافی ہوں گی۔ چونکہ یہ کتاب حاضرات کی ہے، اس لیے ہم معذرت کے ساتھ انہیں چند لفظوں پہ اکتفا کرتے ہیں۔ عقل مند کے لیے اشارہ کافی ہے۔ بس آپ کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔ نبی پاک ﷺ کا ارشاد پاک ہے: یہ بلند و بالا شان و عظمت والی سورۃ ہے جس سے بے شمار امراض کا شافی علاج کیا جاسکتا ہے اور بے شمار مشکلات کا حل اس آیت مبارکہ میں مضمر ہے۔ اس آیت مبارکہ میں بے شمار اسرار مخفی ہیں۔ اس کی سات آیتیں ہیں اور ہر آیت میں خزینے پوشیدہ ہیں۔ یہ حاضرات اس کی ایک عظیم آیت میں پوشیدہ ہے اور ہر آیت میں خزینے پوشیدہ ہیں۔ یہ حاضرات اس کی ایک عظیم آیت میں پوشیدہ اسرار میں سے ہے، جو دنیاوی تمام خزائن سے زیادہ بیش قیمت ہے۔ اہل علم و اہل ذوق کے لیے اللہ کے برگزیدہ بندوں کا ہمارے لیے تحفہ ہے، جنہوں نے اس آیت مبارکہ میں اللہ جہ شانہ کی حکمت کے پوشیدہ اسرار کو سمجھا۔ اللہ رب العزت ان تمام بزرگانِ دین کو بلند مرتبے عطا فرمائے اور جنت میں اعلیٰ مقام سے نوازے۔ آمین

طریقہ حاضرات

ایاك نعبد و ایاك نستعین

ترجمہ: تجھ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

اس عظیم و مقدس بابرکت آیت مبارکہ کی حاضرات کے لیے عامل کا صوم وصلوٰۃ کا پابند ہونا ضروری ہے، جس بچے کا معمول کے طور پر انتخاب کیا جائے وہ بھی پاک وصاف رہنے کا عادی ہو۔ بچے کی عمر 7 تا 12 سال تک ہونی چاہیے۔ عمل سے پہلے اس بچے کو پوری طرح اپنے اعتماد میں لیں اور اُسے تمام اسرار و رموز سے آگہی دیں۔ اسے ذہن نشین کر دیں کہ وہ پوری دلجمعی سے اس حاضرات میں دلچسپی رکھے۔ نگاہوں کو اس سیاہی کے نشانات پر مرکوز رکھے۔ آپ کی تین چار مرتبہ کی کوشش سے بچہ ایک اچھا معمول بن جائے گا۔

طریقہ وہی کمرہ پاک وصاف اور خوشبو سے مہک رہا ہو۔ خوشبو کے لیے آپ کوئی بھی اچھی خوشبو والی اگربتی سلگائیں اور دونوں صاحب اپنے کپڑوں پر عطر لگائیں۔

مندرجہ ذیل نقش کسی سفید کاغذ یر گتے میں بنا کر سیاہ خانے پر عطر لگائیں۔ بچے کو اپنے روبرو بٹھا کر یہ نقش درمیان میں رکھیں اور بچے سے کہیں اس سیاہ نشان پر اپنی نظریں مرکوز رکھیں۔ عامل کو چاہیے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکتالیس بار "ایاك نعبد و ایاك نستعین" پڑھ کر بچے پر دم کریں، چند لمحے بعد ہی حاضرات کا نزول شروع ہو جائے گا۔

دوسرا طریقہ: بچے کے دائیں انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور تھوڑا سا عطر بھی لگائیں اور بچے کو اس ناخن میں دیکھنے کو کہیں۔ صدفی صد درست جواب موصول ہوں گے۔ بچے کے ذریعے دونوں طریقہ کار سے آپ اپنے تمام

باقی صفحہ نمبر 31 پر

مجرب اعمال ووظائف نادِ علی علیہ السلام

ازتحریر: سیّدہ زہرا بتول کاظمی، سانگلہ ہل

قارئین کی خدمت میں نادِ علیؑ کے چند مجرب اعمال پیش کر رہی ہوں جنکے فیوض و برکات سے آپ مجھ ناچیز کو دُعائے خیر میں یاد رکھیں گے۔

نادِ علیؑ ایک ایسا ورد ہے کہ جب فتح خیبر میں مسلمانوں پر مشکل کی گھڑی آئی تو نبی کریم ﷺ نے نادِ علیؑ پڑھ کر مولا علیؑ کو پکارا تو اُسی وقت مولا علیؑ حاضر ہوئے تو پھر فتح خیبر نصیب ہوئی۔ اسی لئے نادِ علیؑ کا ورد کرنے سے لاتعداد مشکلات کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اس کا ورد کرنے والا کبھی بھی اپنے مقصد میں ناکام نہیں ہوا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نادِ علیؑ

نَادِ عَلِیًا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ
فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِی بِعَظَمَتِكَ يَا اللهُ
بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ

1:۔ شفائے امراض کیلئے:۔ اتوار کے روز زعفران کی سیاہی سے نقش بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور 21 یوم تک مسلسل ہر روز 21 بار پانی پر دم کر کے مریض کو پانی کثرت سے پلائیں۔ اوّل و آخر 5-5 بار درود پاک پڑھیں۔

2:۔ جادو سحر، نظر بد کے اثرات کیلئے:۔ اتوار کے روز نقش بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ ہر روز 15 بار پانی پر دم کر کے مریض پر پانی چھڑکیں اور پلائیں۔ اوّل و آخر 5-5 بار درود پاک کا ورد کریں۔ 7 یوم عمل کرنے سے انشاء اللہ آفاقہ ہوگا۔

3:۔ حصول ملازمت و ترقی رزق کیلئے:۔ اتوار کے روز نقش بنا کر گلے میں ڈالیں اور ہر روز بعد نماز فجر 41 بار نادِ علیؑ کا ورد کر کے اپنے مقصد کی دُعا کریں۔ اوّل و آخر 5-5 بار درود پاک کا ورد کریں۔ انشاء اللہ چند یوم میں کامیابی ہوگی۔

4:۔ حصول رشتہ کیلئے:۔ اتوار کے روز زعفران کی سیاہی سے نقش بنا کر گلے میں ڈالیں اور ہر روز 31 بار نادِ علیؑ پڑھ کر اپنے مقصد کی دُعا کریں۔ اوّل و آخر 5-5 بار درود پاک کا ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد کامیابی ہوگی۔

شمکائیل ۷۸۶ شقفیائیل

نادِ علیاً مظهر العجائب تجدہُ عوناً لك	فی النوائب كل همٍ و غمٍ سينجلی	بعظمتك يا الله بنبوتك يا محمد	وبولايتك يا علىُ يا علىُ يا علىُ أدركنى
۲۰۹۳	۱۱۲۲	۲۰۰۸	۱۴۸۳
۱۱۲۱	۲۰۹۰	۱۴۸۶	۲۰۰۹
۱۴۸۵	۲۰۱۰	۱۱۲۰	۲۰۹۱

فقطلشائیل لوبیائیل

لوحِ نادِ علیؑ اور چند نقوش

کرشمہ روحانیت

ازتحریر: ریاض حسین جعفری، لیہ

بے حد درود و سلام محمدؐ و آلِ محمدؐ پر حمد و ثنا اس ربّ کائنات کے لئے جو ہر چیز پر قادر ہے۔ آئینہ قسمت کے لئے لوح نادِ علیؑ اور چند نقوش لے کر حاضر ہوا ہوں۔ لوح نادِ علیؑ مربع آتشی ہے۔ یہ لوح چاندی یا گولڈن قلعی پر تیار کی جائے گی۔ لوح تیار کرنے کی بہترین ساعت شرف قمر ہے یا پھر کسی بھی نیک ستارے کی ساعت میں تیار کی جائے۔ بوقت تیاری عود لوبان اگربتی یا خوشبو روشن کریں۔ اس لوح کے بے شمار فائدے ہیں۔ فتوحات ردِ سحر بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رکھتی ہے۔ دُنیا اس تیغ بند کی تلاش میں سرگرداں رہتی ہے۔ وہ یہی لوح مبارک معظم ہے۔

لوح نادِ علی علیہ السلام:۔

نادِ علیاً مَظھرُ العَجائب

8 / ١١٢٨	11 / ١١٣٢	14 / ١١٣٥	1 / ١١٢١
13 / ١١٣٤	2 / ١١٢٢	7 / ١١٦٧	12 / ١١٣٣
3 / ١١٢٣	16 / ١١٣٧	9 / ١١٣٠	6 / ١١٢٦
10 / ١١٣١	5 / ١١٢٥	4 / ١١٢٤	15 / ١١٣٦

نقش برائے تلّی بڑھ جانے کے لئے:۔

یا غَفُورُ

بقیہ حاضرات سورۃ فاتحہ

سوالوں کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔

طریقہ زکاۃ: اس عزیمت کو پرہیز جلال کے ساتھ چالیس یوم بعد نمازِ عشاء کسی پاک صاف کمرے میں اس چلے کا اہتمام کریں۔ پہلے روز یعنی نوچندی جمعرات کو اپنی حسب مقدور شیرینی پر نبی پاک ﷺ اور تمام انبیاء علیہم السلام و اولیاء کرام کی نیاز دے کر اس کا ثواب پہنچائیں۔ اس کے بعد تھوڑی سی مزید شیرینی پر اس عزیمت کے مؤکلوں کی نیاز دیں اور کمرے کو خوشبو سے معطر کر کے باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور قبلہ رو بیٹھ کر آٹھ سو چھتیس بار مندرجہ بالا عزیمت پڑھیں۔ بغیر ناغہ کے چالیس یوم میں یہ چلہ مکمل کریں۔ آخری روز پہلے دن کی طرح نیاز دے کر شیرینی بچوں میں تقسیم کریں۔ اب آپ اس عزیمت کے عامل ہو گئے۔ اس عزیمت کو مضبوط اور قائم رکھنے کے لیے روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں، درمیان میں اکتالیس بار اس عزیمت کو پڑھیں۔

انشاء اللہ آپ جب بھی حاضرات کھولیں گے، جلد کھل جائے گی اور صدفی صد آپ کو تسلی بخش جواب حاصل ہوں گے۔ اللہ آپ کو اپنے نیک مقصد میں کامیاب کرے۔ آپ بھی فیض اٹھائیں اور مخلوقِ خدا کو بھی فیض پہنچائیں۔ اللہ ہی قوت و حکمت والا ہے۔

یا میکائیل	بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ		یا جبرائیل
٢٠٨	٢١٢	٢١٥	٢٠١
٢١٤	٢٠٢	٢٠٧	٢١٣
٢٠٣	٢١٧	٢١٠	٢٠٦
٢١١	٢٠٥	٢٠٤	٢١٦

یا اسرافیل بحق یانعبدو وایاک نستعین یا عزرائیل

حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو

قرآن کریم سے مسائل کا حل

ازتحریر: سیّد حیدر شاہ شیزازی، جھنگ

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تمام انسانیت کے واسطے نازل فرمایا اور یہ تا قیامت تمام انسانوں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کسی اور مذہب سے تمام کے لئے باعث ہدایت ہے۔ مگر قرآن پاک ہر ہر انسان کو پورا اعتماد ہے۔ ہمارے بزرگان نے پشتون سے ہمیں جو علم سکھایا وہ قرآن سے استفادہ ہے۔ حالانکہ بہت سے لوگ قرآن سے عملیات بتاتے ہیں مگر پھر بھی کامیابی نہیں ہوتی اسکی اصل وجہ علم الاعداد کو مخلوط نہ کرنا ہے۔ ہم پورے سال میں قرآنی آیات کو علم الاعداد سے مخلوط کر کے مختلف کاموں کے واسطے فلاح انسانیت کے لئے شائع کرواتے ہیں۔

1:۔ محافظت وغلبہ دشمن کے واسطے

سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 68 قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعْلَىٰ تک ق+ی 100+10=110>1+1+0=2 2 مفرد کے حساب سے اس آیت کو صبح صادق کے وقت صندور اور عرق گلاب سے دو کاغذ پر لکھیں جس دشمن پر غلبہ چاہے اسکا نام مع والدہ لکھ کر پاس رکھے۔ یا اسکا نام کیل پے لکھ کر درخت پے گاڑ دے۔

2:۔ غیر شرعی تعلق کے خاتمے کیلئے

سورۃ الاحزاب آیت نمبر 35 آیت کا آخری حصہ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝ تک۔ و+ الف =6+1=7 اسکا مفرد عدد 7 نکلا ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص غلط تعلق میں مبتلا ہو یا اسکے آفس کا ماحول ایسا ہو جس سے خطرہ ہو یا وہ جان بوجھ کر ایسے تعلقات رکھے تو تعلق چھڑانے کے لئے دونوں کے نام مقناطیس پر سات بار لکھیں اور آیت کو سات بار پڑھیں اور اسکو توڑ کر الگ الگ دفنا دیں جلدی تعلق کا خاتمہ ہوگا۔

3:۔ حصول محبت ومابین صلح کے لئے

سورۃ ممتحنہ آیت نمبر 7 عَسَى اللَّهُ أَنْ يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُمْ مِنْهُمْ مَوَدَّةً ۚ وَاللَّهُ قَدِيرٌ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ تک۔ ع+م 70+40=110=0+1+1=2 اسکا مفرد عدد 2 نکلا ہے اگر کوئی رشتہ نہ ہو رہا ہو یا پہلے محبت اور تعلق رہا ہو مگر اب ختم ہو چکا ہو یا والدین کی باہمی رضامندی کے لئے یا حسب توفیق 2000 مرتبہ مٹھائی کے 2 دانوں پر آیت پڑھ کر کھلا دیں یا پھر کامیابی کے لئے آتشی زعفرانی عمل کریں جو کہ مجرب ہے۔

4:۔ ہمہ قسم بندش کے واسطے

سورۃ نمل آیت نمبر 92 وَأَنْ أَتْلُوَ الْقُرْآنَ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَا أَنَا مِنَ الْمُنْذِرِينَ ۝ تک۔ و+ن 6+50=56=6+5=11=1+1=2 اسکا مفرد عدد 2 نکلا ہے۔ یہ بندش کے لئے آزمودہ ہے بندش کئی قسم کی ہوتی ہے کاروباری، رشتوں کی، شادی میں رکاوٹ، اولاد کی بندش، اس کے لئے یا تو اتارے یا توڑ کا عمل کریں یا پھر اس آیت کو زحل ساعت میں زعفران سے لکھ کر وزن تلے دبا دیں۔ 21 یوم میں بندش کا خاتمہ ہوگا انشاءاللہ۔

5:۔ کاروباری ترقی وبرکت کے لئے مجرب

سورۃ فاطر آیت نمبر 30 لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُمْ مِنْ فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ۝ تک۔ ل+ر 30+200=230=0+3+2=5 اگر کسی کو کاروبار میں فائدہ نہ ہو رہا ہو یا اچانک نقصان کی طرف چلا گیا ہو یا ویسے تنگی رزق ہو تو اس آیت کو پانچ الگ کاغذ پر لکھ کر وزن تلے دبا دیں انشاء اللہ جلد ٹھیک ہوگا۔

نقش برائے محبت

از تحریر: فیض محمد جسکانی، پنوں عاقل (سندھ)

یہ نقش مربع محبت، شادی، کسی کو راضی کرنے کے لئے، کسی سے کام لینے کے لئے مؤثر ہے۔ اس عمل کی ترکیب یہ ہے: اس کی تکسیر کرنی ہوگی۔

مثال:۔

طالب = شفیق

درمیان میں اسمائے مبارکہ = یَاعزیزُ یَاوَدُود

مطلوب = زینت

تکسیر یہ ھے:۔

ش ف ی ق ع ز ی ز و د و د ز ی ن ت

ت ش ن ف ی ی ز ق د ع و ز د ی و ز

ز ت و ش ی ن د ف ز ی و ی ع ز د ق

ق ز د ت ز و ع ش ی ی د ن ی د ز ف

ف ق ز ز د د ی ت ن ز و و ی ع ی ش

اس تکسیر کی پہلی سطر کے اعداد ہیں 1071 پانچ سطروں کے اعداد ٹوٹل 5355 ہوں گے۔ اس اعداد سے 30 کم کر کے 4 سے تقسیم کیا تو جواب آیا 1331 باقی ایک کو 13 خانہ میں رکھ کر نقش مکمل کریں اور اس کے علاوہ تکسیر کی پہلی سطر اور آخری سطر اور درمیان والی سطر کے حروف یہ ہیں۔ پہلی سطر کے حروف اوّل آخر ش ت۔ آخری سطر کے حروف ف ش اور درمیان والی سطر کے حروف ف زہ

اوّل آخر سطر کے حروف کا مؤکل یہ ہوا 1080 غفائیل، درمیان والی سطر کے حروف کا مؤکل یہ ہوا 87 فزائیل، سطروں کے ٹوٹل حروف کے اعداد 1167 ہوئے اور مؤکل ہوا غقسزائیل۔ اور پہلی سطر 1071 اعداد کا مؤکل ہوا غعائیل، یہ مؤکل نقش کے اردگرد لکھنا اور پڑھنا ہوگا۔

عزیمت یہ ھے:۔

اقسمتّ علیکم یا غفائیل و یا فزائیل یا غقسزائیل و یا غعائیل ان تسلطو اعلیٰ و جود زینت محبت و مؤدت شفیق مسخر و تابع ہو کر رشتہ میں راضی ہو بحق یَا عزیز یَا ودود یہ اسماء مبارکہ 1167 مرتبہ 21 راتوں میں پڑھنا ہوں گے۔ انشاء اللہ العزیز مطلب جلد حاصل ہوگا۔

چال نقش یہ ھے:۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش یہ ھے:۔

۱۳۳۸	۱۳۴۱	۱۳۴۵	۱۳۳۱
۱۳۴۴	۱۳۳۲	۱۳۳۷	۱۳۴۲
۱۳۳۳	۱۳۴۷	۱۳۳۹	۱۳۳۶
۱۳۴۰	۱۳۳۵	۱۳۳۴	۱۳۴۶

روحانی عملیات

از تحریر: صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ

عمل نمبر1:۔ مال و دولت خوش بختی کے لئے عمل مبارک

آیت مبارک شریف:۔ یُغۡنِهِمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ (سورۃ النور آیت 26)

طریقہ عمل:۔ ساعت مشتری سعد دن ہو نو چندی جمعرات ہو اوپر لگی گئی آیت مبارک روزانہ ہزار بار ورد کریں اس کے بعد گیارہ بار درود شریف نماز والا پڑھ کر سجدہ میں اپنے مقصد کی دُعا کریں یہ طریقہ سات دن آٹھویں دن کاغذ پر یہ نقش لکھ کر اوپر والا عمل پڑھ کر کاغذ پر دم کریں پھر نقش تحریر کر کے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈال لیں عورتیں سر کے بالوں میں باندھ سکتی ہیں رات کو اُتار کر صبح نہا دھو کر باندھ لیں جب بازار جائیں تو یہ عمل لازمی کر کے جایا کریں اس کے بعد روزانہ تین دن اوپر والی آیت اپنے عدد کے مطابق ورد کریں اور گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور اپنے مقصد کی دُعا کریں اور تعویز پر پھونک مار لیا کریں انشاء اللہ اگر توجہ اور زبان پر کنٹرول کر کے یہ عمل کریں قدرت غیب سے ایسے وسیلے بنائے گی جس سے آپ کی تنگی دور خوشحالی شروع ہو جائے گی مال و دولت کی غیب سے مدد کے دروازے کھلیں گے قرآن پاک میں فرمان الٰہی ہے وَ النُّجُوۡمُ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمۡرِهٖ۔ **ترجمہ:۔** ستارے اللہ کے خاص امُر کے پابند ہیں اس فرمان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان ستاروں میں کچھ نہ کچھ اثر ضرور ڈالے گئے ہیں۔

نقش مبارک یہ ہے:۔

جبرائیل بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اسرافیل

یُغۡنِهِمُ	اللّٰهُ	مِنۡ	فَضۡلِهٖ
۹۱	۹۱۴	۱۱۱۶	۶۵
۹۱۳	۸۸	۶۸	۱۱۱۷
۶۷	۱۱۱۸	۹۱۲	۸۹

عزرائیل شَمۡھُوۡرَش میکائیل

فلاں بنت فلاں کے لئے مال دولت
لا کر امیر کر و بحق کلام پاک

ضروری ہدایت غیبی مدد ملنے پر اللہ پاک کے نام کی خیرات کرتے رہیں اگر یہ لوح اوج مشتری میں لکھیں تو بہت زیادہ بہتر ہے نام لکھتے وقت اگر مرد نے بنانا ہو تو فلاں پر اپنا نام پھر لفظ بن لکھے پھر اپنی والدہ کا نام لکھے اگر عورت نے لکھنی ہو تو فلاں کی جگہ اپنا نام لکھے پھر لفظ بنت لکھ کر اپنی والدہ کا نام تحریر کرے صدقہ دیکر اپنے کام میں لائے مؤکلات کی نیاز چھوٹے بچوں میں تقسیم کریں یا دریا میں ڈالیں۔

عمل نمبر2:۔ برائے حصول دولت

عمل مبارک:۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَاوَھَابُ یَابَاسِطُ

ترکیب عمل:۔ جو شخص نت نئی مشکلات میں گھیرتا جا رہا ہو، قرض بڑھ رہا ہو، یا ملازمت میں ترقی نہ ہوتی ہو، کاروبار بند ہو جائے، یا بہت تنگی ہو اس عمل کو لازمی کرے آپ خود دیکھ لیں گے خوشحالی۔ روزانہ نماز فجر سنت پڑھنے کے بعد گیارہ بار اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہ ورد کریں پھر گیارہ بار نماز والا درود شریف تلاوت کریں پھر تین سو تیرہ بار اوپر والا عمل پڑھیں پھر اپنے سینے پر پھونکیں اور اپنے گھر کے چاروں کونوں میں پھونک ماریں پھر دُعا مانگ کر ہاتھ منہ پر پھیر کر بقایا نماز پڑھیں کوشش کریں باجماعت نماز پڑھی جائے اسی طرح رات سونے سے پہلے یا نماز عشاء کے بعد پڑھائی کر کے دل پر پھونک مار کر آرام سے سو جایا کریں اگر نیند نہ آئے تو اُٹھ کر چلتے پھرتے رہیں جب نیند کا غلبہ ہو سو جایا کریں اسکی برکت اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے شروع کرنے سے قبل سوا کلو گوشت ویران جگہ نزدیک درخت تھوڑا تھوڑا تین یا سات جگہ ڈال دیا کریں ہر جمعرات حسب طاقت شرینی چھوٹے بچوں کو تقسیم کر دیا کریں۔

عمل نمبر3:۔ دشمن سے حفاظت اور ناجائز دوستی ختم کرنا یعنی جدائی کرانا ملازمت قائم رکھنے کے لئے عمل

طریقہ عمل:۔ اصحاب کہف کے واقعہ سے ہر مسلمان واقف ہے

سورۃ کہف میں ان بزرگ ہستیوں کا تفصیل سے ذکر مبارک ہے ان کے ساتھ ایک کُتا بھی ہے حضور پاک محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا اگر آپ اس کُتے کو دیکھ لیں تو خوف سے پیچھے ہٹ جائیں گے اس کُتے کا نام بزرگوں نے قطمیر رکھا ہے جس غار میں اصحاب کہف سوئے ہوئے ہیں اس غار کے منہ پر یہ کُتا بیٹھا انکی حفاظت کر رہا ہے جس طرح یہ اصحاب کہف اس کُتے کی حفاظت میں ہیں اسی طرح یہ نقش معظم جس کے پاس ہوگا وہ دشمنوں سے محفوظ رہے گا دشمن سے حفاظت اور دشمنی دور کرنے کے لئے یہ سادہ نقش کافی ہے اس کے نیچے دشمن کا نام یا افسر کا نام لکھ دیں جس کی وجہ سے ملازمت کو خطرہ لاحق ہے۔

نقش یہ ھے:۔

بحرمت اصحاب کہف ۷۸۶ بحرمت اصحاب کہف

۶۵۷	۶۶۲	۶۶۱
۶۶۴	۶۶۰	۶۵۶
۶۵۹	۶۵۸	۶۶۳

فلاں بن فلاں دُشمنی سے باز آئے میری جان مال ملازمت
کا خطرہ دُور ہو بحق ایں نقش معظم اصحاب کہف بحق قطمیر

انشاءاللہ حالات جلد آپ کے حق میں ہو جائیں گے دشمن سے محفوظ رہنے اور ملازمت کا خطرہ دُور کرنے کے لئے اصحاب کہف کا نقش مبارک بازو پر باندھیں ایک درخت پر یعنی پھل دار درخت پر لٹکائیں گھر میں درخت نہ ہو تو دیوار پر لکڑی یا بانس پر باندھیں تا کہ ہوا سے ہلتا رہے کبھی کبھار اگربتی نقش کے نیچے جلا دیا کریں نیاز دو کلو برفی پر سرکار دو عالم محمد ﷺ اور اصحاب کہف ایک بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ہدیہ تحفۃً پہنچا کر بچوں بڑوں میں تقسیم کر کے تعویز لکھیں۔

عداوت جدائی تفرقہ ڈالنے کے لئے اصحاب کہف کے نقش کے لئے یہ طریقہ استعمال ہوگا۔ دونوں مخالفین کے عدد لیں اصحاب کہف کے عدد اور قطمیر کے عدد جمع کر کے بارہ عدد تفریق کر کے تین پر تقسیم کریں یہ طریقہ ہوگا ہر آدمی کو سمجھانے کے لئے فرضی نقش بنا دیتے ہیں مریخ یا زحل ساعت میں لکھیں کوگل آگ کے کوئلے پر ڈال کر لکھیں تا کہ دھواں اُٹھتا رہے۔

فرضی اعداد:۔ اعداد مخالف بمعہ والدہ: **1366** فرضی نام دوسرے فریقین بمعہ والدہ عدد: **1366** اعداد اصحاب کہف بمعہ قطمیر: **1980** یہ کل عدد بنے: **4712** تفریق **12** کئے بقایا: **4700** تقسیم تین پر کیا تو نیچے **2** بچا ہے یہ نقش فرض کیا ہے پرانی قبر میں دفن کر دیں دوسرا کیکر کے درخت پر باندھ دیں یا جڑ میں سوراخ کر کے دفن کر دیں بعد میں دُعا کریں۔

نقش لکھتے کا وقت کوئی دوسرا آپ کے پاس نہ ہو باوضو لکھیں دو کلو نمکین چیزیں ہوں بعد میں تقسیم کریں اور گوشت آدھا کلو پاس ہو جو قبرستان ویران جگہ ڈال دیں۔ چال بادی ہے نقش قبرستان میں دفن کرنے کے بعد گھر وضو کر کے آئیں جاتے وقت کسی سے بات نہ کریں باوضو ہو کر جائیں جائز جگہ عمل کریں۔

اجہز ط

۱۵۶۷	۱۵۷۳	۱۵۷۲
۱۵۷۵	۱۵۷۱	۱۵۶۶
۱۵۷۰	۱۵۶۸	۱۵۷۴

فلاں بنت فلاں یا فلاں بن فلاں جدائی شُد بحق قطمیر
بحرمت ایں نقش العجل العجل العجل بحق عزرائیل

عمل نمبر4:۔ مالی مشکلات کے حل اور لاعلاج مرض دور کرنے کے لئے لوح پنجتن علیہم السلام

یا شافی — بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ — یا کافی

۱۰۳۴	۱۰۳۹	۱۰۳۲
۱۰۳۳	۱۰۳۵	۱۰۳۷
۱۰۳۸	۱۰۳۱	۱۰۳۶

یا معافی بِحقِ محمد ﷺ بِحقِ علی مرتضیٰ بِحقِ فاطمہ الزہرا
بِحُرمتِ حسنؑ بِحقِ حضرت امام حسینؑ فلاں بن فلاں کی مالی مشکلات
حل ہو کر روزی فراخ ہو اگر بیماری ہو تو نام لیں آخر میں لکھیں فلاں کو صحت ہو

تعویز مبارک زعفران گلاب عرق ملا کر لکھ کر پلیٹ میں بھی دے سکتے ہیں ان میں حروف جلدی مٹ جاتے ہیں۔ نقش لکھنے کے بعد ایک سو دس بار نیچے والی عبارت پڑھ کر نقش پر پھونک مار کر پلائیں باندھیں۔

لکھنے کا طریقہ:۔ بروز اتوار ساعت عطارد میں دو نفل معافی

گناہ تمام مسلمان کے لئے پڑھے پھر دو کلو مٹھائی پر رسول پاک ﷺ ہدیہ پیش کہہ کر بچوں میں تقسیم کر دیں اگر ٹائم مل جائے تو گیارہ بار نماز والا درود شریف سورۃ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر اوپر والی دُعا کریں زیادہ بہتر ہے اکتالیس تعویز لکھیں زعفران گلاب سے کستوری بھی ڈال دیں ایک نقش روزانہ نماز فجر پڑھ کر پانی میں کھول کر رکھ دیں نماز عصر کی اذان کے بعد مریض کو پلا دیا کریں یہ طریقہ اکتالیس دن کرنا ہے صدقہ ہر ہفتہ بعد دیتے رہیں سوائے موت کے ہر مرض کا علاج ہے لیکن وہی کامیاب ہوگا جس کے دل میں اہل بیت علیہ السلام کی محبت موجود ہوگی ادب احترام ہوگا اس عمل میں بھی پرہیز یہی چلّہ عمل شرط ہے کہ ماننے والے حُبِ اہلِ بیت علیہ السلام اپنے اندر پیدا کر کے تجربہ کر سکتے ہیں اللہ پاک کے کتنے نزدیک ہیں عزت میں۔

عمل نمبر5:۔نایاب عمل حاضرات

آیت شریف:۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (سورۃ یٰسین آیت 58)

طریقہ عمل:۔سورۃ یٰسین شریف کی یہ آیت مبارک حاضرات کے بہت جلد کامیابی کراتی ہے اس کا عمل کرنے والا عامل اس کلام کو سایہ جنات اور مرض دور کرنے میں پڑھ سکتا ہے اور دور کر سکتا ہے۔ اس کے مؤکلات عامل کی درست راہنمائی کرتے ہیں اور بھرپور روحانی مدد بھی کرتے ہیں یہ نایاب عمل حاضرات ہے حاضرات کے شوقین یہ عمل ضرور کریں انشاءاللہ ناکامی نہیں ہوگی اگر باپرہیز عمل کیا اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے اوّل صدقہ دیں پھر میٹھی چیز گھر لا کر سورۃ یٰسین شریف سورۃ اخلاص اور درود شریف گیارہ بار نماز والا پڑھ کر حضور پاک محمد ﷺ اہل بیت اور بزرگان دین اور تمام قرآن پاک کے مؤکلات جنات کو ثواب پہنچا کر بچوں میں تقسیم کر کے نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں تین ہزار ایک سو پچیس بار آیت پاک چالیس دن تلاوت کریں جگہ علیحدہ جس جگہ پہلے دن پڑھیں وہیں ہمیشہ پڑھنا ہے چلّہ کے بعد گیارہ سو بار ورد رکھیں اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف تاکہ عمل قابو رہے جب ضرورت ہو بچے یا بچی جو ہوشیار ہو نمازی ہو اہل علم ہو باوضو اپنے سامنے بٹھائیں آیت الکرسی پڑھ کر بچے پر اور اپنے گھر پر دم کر کے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف نماز والا اور گیارہ سو بار آیت پڑھیں اور بچے کے انگوٹھے پر پہلے تین لگا کر اسے دیکھنے کے لئے کہہ دیں دوسری طرف نگاہ بچہ نہ کرے آپ کے سوال جواب کرتے ہوئے بچے کی آنکھیں انگوٹھے پر رہیں مؤکلات حاضر ہو آپ کے سوال کا جواب دیں گے کام کے بعد اجازت دے دیں۔

مجرباتِ دامانیہ

نقش مثلث برائے تسخیر خلائق

ازتحریر: عبداللطیف دامانی، جھنگی سیداں اسلام آباد

محترم قارئین! اس دُنیا جہاں میں لوگ تسخیر خلق کے عمل یا لوح کی تلاش میں سرگرداں ہیں آج میں آپ کو تسخیر خلق کے عمل اور لوح کی ترکیب تبرک کرتا ہوں۔ دُعاؤں میں یاد رکھنا یہ عمل نقش مثلث کا ہے جس کی زکات پرہیز جلالی و جمالی باحصار مکمل کر لی جائے تو بعداز تکمیل زکات یہ عمل/نقش ہر کام کیلئے اس قدر مؤثر ہوجاتا ہے کہ عقل انسانی ششدر رہ جاتی ہے۔ اس عمل کی شرط یہ ہے کہ ہر حرام کام وغذا سے ہر لحاظ سے حفاظت ہو اور ہر وقت اللہ سے توبہ کرتا رہے۔ ہمیشہ سچ بولے اور رزق حلال کھائے۔ اس نقش مثلث کا قاعدہ بہت آسان ہے شرائط کی پابندی ضروری ہے۔

نقش مثلث یہ ھے:۔

قولہ الحق

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

ولہ الملک

یہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کیا جائے سوائے محرم وصفر کے ان دو ماہ کے علاوہ ہر ماہ کر سکتے ہیں۔ اوّل شرائط جمالی وجلالی بجالائیں۔ پہلے غسل کریں، پھر رجال الغیب کو غضب میں رکھیں، بخور، زعفران اور لوبان کا جلائیں۔ عمل سے قبل قلم نیا لیا جائے جس سے پہلے کچھ نہ لکھا ہو۔ سیاہی خالص زعفران اور عرق گلاب سے تیار کی گئی ہو، طلوع آفتاب سے قبل نقش مثلث مصلّے یا جائے نماز پر بیٹھ کر لکھیں۔ اب پاکیزہ بالٹی لیکر اس میں دو لیٹر تازہ صاف پانی ڈال لیں نقش لکھنے اور خشک ہونے کے بعد نقش کو بالٹی میں ڈال دیں۔ نقش جب پانی میں خوب حل ہوجائے تو اس پانی کو نہر یا کنویں میں ڈال دیں۔ پہلے دن ایک نقش دوسرے دن دو اسی طرح روزانہ ایک اضافہ کر کے پندرہویں دن 15 نقش لکھیں اور 16 تاریخ کو 14 نقش لکھ کر یومیہ ایک کم کرتے جائیں۔ آخری نقش چاندی کی لوح پر لکھیں یا ہرن کی جھلی پر لکھیں ہرن کی جھلی پنساری سے بآسانی مل جاتی ہے۔ نقش چاندی کو اپنے پاس محفوظ کرلیں۔ نقش مثلث کی زکوٰۃ مکمل ہوگئی صاحب زکات اس نقش مثلث کا عامل بن کر اس کی برکات سے سیف زبان ہوجائے گا جو کچھ خدا سے چاہے گا پورا ہوگا۔ انتہاء درجے کی تسخیر خلق ہوگی۔ رزق بارش کی طرح برسے گا مگر اس رزق سے حقوق العباد کا خیال رکھیں، ہر شخص عامل کو عزت کی نگاہ سے قدر کرے گا۔ دُنیا میں عجیب وغریب مشاہدات ہونا شروع ہونگے۔ عمل کو اوّل سے آخر تک مخفی رکھے۔ دوران تکمیل زکات ہر شب کو بعد نماز عشاء جو کہ باقاعدگی سے ادا کرنی ہے یہ عزیمت باحصار 2004 بار ورد کریں۔ اس عمل میں کسی قسم کی رجعت نہ ہوگی اسلئے گھبرائیں نہیں۔

عزیمت یہ ھے:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم:۔ یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل اجھزط بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح۔ بعداز تکمیل زکات روزانہ گیارہ بار ورد کرتا رہے۔ اب آپ ہر سائل کو نام معہ والدہ اور مقصد کے اعداد قمری بنا کر 2004 کا اضافہ کر کے نقش مثلث تیار کر کے نقش پر 11 بار عزیمت ورد کر کے دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ 29 دن میں کامیابی ہوگی۔ مولا کریم سرفراز فرمائے گا۔

محترم قارئین کرام! آپ کی محبتیں آئینہ قسمت کے رشتہ سے مجھے ملتی رہتی ہیں۔ دوستوں نے ماہنامہ آئینہ قسمت میں میرے شائع کردہ مضامین کو جس طرح پسند فرمایا آپ سب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ علم الاعداد کے ذریعے زائچہ بنانے کا طریقہ بہت آسان ہے۔ پندرہ کا نقش اس کا بنیادی پہلو ہے۔ یہ نقش ایک سے لے کر 9 ہندسوں تک ہوتا ہے اور ہر طرف سے اسکی تعداد پندرہ ہوتی ہے۔ ماہرین نے 9 کے ہندسوں کو تین حصوں پر تقسیم کر دیا ہے۔ ہر طرف سے اس کی تعداد 15 ہوتی ہے۔

1:۔ روحانی 2:۔ ذہنی 3:۔ مادی

روحانی اعداد	9	4	2	ہیں
ذہنی اعداد	5	3	7	ہیں
مادی اعداد	1	8	6	ہیں

یہ تو آپ کو معلوم ہوگا کہ نمبر 1 شمس کا، نمبر 2 قمر کا، نمبر 3 مشتری کا، نمبر 4 شمس کا، نمبر 5 عطارد کا، نمبر 6 زہرہ کا، نمبر 7 قمر کا، نمبر 8 زحل کا، نمبر 9 مریخ کا عدد ہے۔ اس نظریہ کے مطابق تین حصوں کے ذریعہ نقش کی ترتیب حسب ذیل ہوگی۔

نقش بلحاظ اعداد

9	4	2
5	3	7
1	8	6

نقش بلحاظ سیارگان

مریخ	شمس	قمر
عطارد	مشتری	قمر
شمس	زحل	زہرہ

اس روشنی میں زائچہ اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ اس شخص کا زائچہ بنانا مقصود ہو اور اس کی تاریخ پیدائش معلوم کریں اگر وہ 12 بجے دن سے پہلے ہے تو ایک دن پہلے کی تاریخ شمار کریں۔ مثلاً ایک شخص 12 اکتوبر کو 10 بجے قبل از دوپہر پیدا ہوا ہے تو 11 تاریخ زائچہ علم الاعداد میں شمار ہوگی اور اگر 2 بجے دوپہر پیدا ہوا ہو تو 12 تاریخ شمار ہوگی۔ تاریخ دن پیدائش کے اعداد کو نقشہ نمبر 2 کے مطابق درج کر لیا جائے اگر کوئی عدد دو مرتبہ آئے تو اس عدد کو درج کر کے اس پر خاص نشان لگا دیا جائے اگر وہ عدد تین مرتبہ آئے تو دو مخصوص نشان لگا دیں۔ مثلاً ایک شخص 11 اکتوبر 1944ء دن کے 12 بجے پیدا ہوا تو عدد تاریخ ماہ سن کر اس طرح حاصل کریں 11+10=44 (صدی کے اعداد نہ لیں) اب ان اعداد کو نقش میں جہاں جہاں یہ ہندسے ہیں وہاں لکھ لیں۔ ان اعداد میں جو ہندسے نہیں ہیں ان کے خانے خالی رہنے دیں۔ مثلاً اس کا زائچہ یہ ہوا صرف دو خانے پر ہیں۔ نمبر ایک پر دو نشان یہ ظاہر کرتے ہیں کہ نمبر 4 تین مرتبہ آیا ہے اور نمبر 1 پر ایک نشان ظاہر کرتا ہے کہ نمبر 4 دو دفعہ آیا ہے۔ اب اس شخص کے زائچہ میں روحانی درجات پر نمبر 4 ہے جو شمس کا نشان ظاہر کرتا ہے۔ ذہنی درجات خالی ہے مادی درجات میں نمبر 1 ہے جو دو دفعہ آیا ہے۔ یہ بھی شمس کا نشان ہے ان درجوں کے نمبروں کی تفصیل یہ ہے۔

	4	
		1

1:۔ شخصیت، انانیت، حکومت و تسلط، اقتدار پسندی۔

2:۔ انقلابات، عدم استقلال، سیاست، قسمت میں مدوجزر۔

3:۔ ترقی وسعت، افزائش ثروت وامارت

4:۔ تکمیل خواہشات، عملی نتائج، غرور، خودداری

5:۔ ذہانت، علمیت، مستعدی، تجارت، زبان بندی، سائنس

6:۔ فنون لطیفہ، شعروسخن، حسن معاشرت، محبت، ہمدردی، خلق ومروت

7:۔ روحانی صفت، ذاتی امر، ہردلعزیزی بحری سیاحت رفتار زمانہ کا ساتھ دینا، ترقی عروج

8:۔ بربادی، امراض، موت، دیوانگی، نقصانات، اخلاقی زوال اور ناکامی

9:۔ آزادی قوت ارادی، سرگرمی عمل، مستعدی انہماک، جوش، آگے بڑھنے کا جذبہ، آتش مزاجی

اب مندرجہ بالا زائچہ میں مادی طور پر یہ نمبر 4 کی تکمیل خواہشات اس کی قسمت کا لازمہ ہوگا۔ غرور خودداری کا پتلا ہوگا اور نمبر 1 ایک شخصیت اقتدار پسندی کی ہوگی۔ نمبر ایک شمس کا ہے اور نمبر 4 بھی شمس کا ہے۔ گویا اس شخص کا ستارہ شمس ہے اگر اس کی تاریخ پیدائش کے نمبروں کو جمع کر دیں تو 2=11=44+10+11 ہوگا۔ اس کیلئے 2 تاریخ ہمیشہ سعد ہوگی اور جن تاریخوں کا مجموعہ 2 ہو وہ بھی سعد ہی رہیں گی۔ یہ یاد رہے کہ مکرر ہندسوں کا مطلب یہ ہے کہ شمس روحانی طور پر شہرت حاصل کرنا چاہے پھر ایسے کام اختیار کرے تو بہت جلد مشہور ہو جائے گا جو شمس کے ماتحت ہیں۔ اگر کسی شخص کو اپنی تاریخ پیدائش کا علم نہیں صرف نام معلوم ہے اس کا پیدائشی نام لیں اس کو علیحدہ علیحدہ حروفوں میں لکھیں ان کے نیچے اس کی مادی قوتیں لکھ دیں اب اس حرف کو زائچہ میں لکھ دیں اگر مکرر یا سہ مکرر آیا ہے تو اسکی تعداد اور ہندسوں میں لکھ دیں مثلاً محمد علی کا زائچہ اعداد یہ ہوگا۔

م	ح	م	د	ع	ل	ی
4	8	4	4	7	3	1
د	ح	د	د	ز	ج	ا

اس مطلب یہ ہے کہ روحانی اعداد میں نمبر 4 تین دفعہ اور نمبر 8 ایک دفعہ آیا ہے۔ ذہنی اعداد میں نمبر 7 اور نمبر 3 ایک ایک دفعہ آیا ہے۔ جبکہ مادی اعداد میں نمبر 1 ایک مرتبہ آیا ہے۔ اس شخص کی شخصیت کا تجربہ یوں کریں گے کہ مادی ذہنی اور روحانی طور پر اس کی قوتوں کا توازن کیا ہے۔ مثلاً ''د'' کی قوت 3 ہے تو کل قوت 12 ہوئی ''ح'' کی قوت 8 ہے چونکہ نمبر 4 کی تشریح تکمیل خواہشات پر مبنی ہے اور نمبر 8 بربادی اور ناکامی ہے تو مادی لحاظ سے تکمیل خواہشات اور ناکامی کی نسبت 4,3 کی ہے اور روحانی لحاظ سے نمبر 1 شخصیت میں انانیت کا مرتبہ بلند کرتا ہے اور نمبر 4 ترقی اور وسعت لاتا ہے اس لئے روحانی نظریہ سے یہ بلند پایہ شخص ہوگا۔ اور اپنے روحانی نمبروں سے کامیابی حاصل کرے گا۔ ذہنی اعتبار سے اس کے 7 نمبر ہیں یہ روحانی صفات کا ہوگا اور ہردلعزیز اور تفریح کا شائق ہوگا۔ اس شخص کا روحانی ستارہ مشتری ہوگا ذہنی قمر اور مادی شمس وزحل ہیں مادی زندگی میں 12 گنا اور زحل 8 گنا مدد دے گا شمس کامیابی اور زحل ناکامی کا ستارہ جیسا کہ دونوں مادی عناصر کے متعلق بتایا گیا ہے شمس سب سے باقوت ہے اس لئے محمد علی کا ستارہ شمس ہے اور شمسی قوتوں کے ذریعے مادی امور میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے شمسی قوتوں کا مطلب نمبر ایک کی قوت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر زندگی میں اسے افسرانہ پوسٹ پر کام کرے یا کسی ذمہ دارانہ یا خود مختار عہدہ کا حامل ہونا چاہئے۔ پھر وہ کامیابی حاصل کرے گا۔ ہم نے اس مضمون میں مقدور بھر ان حروف اور اس سے تیار کردہ عمل کو سمجھانے کی کوشش کی ہے پھر بھی اگر کوئی اُلجھن ہو تو مدد لے سکتے ہیں۔ آخر میں ادارہ آئینہ قسمت کی پوری ٹیم کی صحت وسلامتی اور روحانی ترقی کیلئے دُعا کریں اور مجھ گنہگار کو دُعاؤں میں یاد رکھیں۔

ملائکہ کہاں نازل ہوتے ہیں؟؟؟

از تحریر: محمد علی سلیمانی، ڈیرہ اسماعیل خان

قرآن پاک اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اس کے ہر ہر حرف میں کئی کئی اسرار ہیں۔ یہ تا قیامت آنے والی انسانیت کیلئے درسِ عظیم ہے۔ لامتناہی گہرائیوں پر مشتمل اللہ تعالیٰ کا یہ کلام بے مثل ہے۔ قرآن پاک کی ایک نہایت مشہور سورۃ سورۃ القدر ہے بے پناہ خزانوں سے بھری ہوئی، نورانی معرفت سے بھرپور، اس سورۃ میں ایک "لیلۃ القدر" کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور فرمایا گیا ہے کہ اس رات میں "تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم" تمام ملائکہ اور روح نازل ہوئے ہیں اور ہوتے رہیں گے اپنے ربّ کے اِذن سے، پہلی بات تو یہ کہ جب تک قرآن پاک ہے اور جب تک "لیلۃ القدر" ہے اللہ تعالیٰ کے اِذن سے تمام ملائکہ وروح نازل ہوتے رہیں گے۔ مگر سوال یہ ہے کہ یہ ملائکہ اور روح کہاں نازل ہوتے ہیں؟؟ اور کیوں نازل ہوتے ہیں؟؟؟ ہمیں اس کا پتا نہ چلتا اگر اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اس کا جواب نہ دیا ہوتا تو؟؟ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ نمل میں اس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا "يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوحِ مِنْ أَمْرِهِ عَلٰى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا" اِس رات ملائکہ اور روح نازل ہوتے ہیں اللہ کے اَمر سے اس عبد پر جو اللہ کی مشیت ہوتا ہے۔ اسی طرح سورۃ میں ارشاد ہوا، يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلٰى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ اللہ اپنے اَمر سے روح کو القاء کرتا ہے اس عبد پر جو اُسکی مشیت ہوتا ہے۔

معلوم ہوا کہ تمام ملائکہ اور روح اللہ کے حکم کے پابند ہیں اور ملائکہ اور روح اللہ کے حکم سے ہر سال شب قدر میں اللہ کے اُس خاص عبد پر نازل ہوتے ہیں جو اللہ کی مشیت ہوتا ہے۔ اب رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر اللہ کا کوئی بڑا عبد نہیں ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں شب قدر میں ملائکہ اور روح رسول اللہ ﷺ پر ہی نازل ہوتے رہے۔ کیوں ہوتے رہے؟ اسکی وجہ کیا ہے؟ چنانچہ مُفسر علامہ فخر الدین رازی نے اپنی تفسیر کبیر جلد 8 کے صفحہ نمبر 633 میں اور دوسرے مفسرین نے بھی اپنی تفاسیر میں لکھا کہ اس رات تقسیم ہوتی ہے رزق کی، اولاد کی، حیات کی، موت کی، اَب ظاہر ہے کہ ملائکہ اور روح جب عبد مشیتِ الٰہی پر نازل ہوتے ہوں گے تو اس کا کوئی مقصد تو ضرور ہوتا ہوگا اور مقصد یہی ہے کہ جو قرآن نے بیان کیا ہے کہ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ کہ تمام اُمور لیکر اُسی عبد پر نازل ہوتے ہیں اور اُن اُمور کو اُس عبد پر پیش کیا جاتا ہے پھر اُسی کے حکم سے احکامات جو مدبراتِ اُمور ملائکہ ہیں کے حوالے کئے جاتے ہیں قرآن نے اسی عبد کو دوسرے نام "اُولی الامر" کے نام سے یاد کیا ہے۔ اور سورۃ نساء میں فرمایا ہے کہ تمہارے لئے تین اطاعتیں ہیں۔

اطیعو اللہ   اطیعو الرّسول ﷺ   و اُولی الامر

اب رسول اللہ ﷺ اس دُنیا سے 11 ہجری میں چلے گئے جبکہ قرآن پاک بھی موجود ہے اور ہر سال شب قدر بھی موجود ہے آج بھی اور جب تک شب قدر آتی رہے گی ملائکہ اور روح ہر سال نازل ہوتے رہیں گے۔ تو کن پر؟؟؟ اِسی لئے رسول اللہ ﷺ نے اپنی زندگی میں بھی اور اپنی شہادت سے پہلے بھی بار بار اُمت کے حوالہ قرآن اور قرآن کا ساتھی عترت اھل بیت کرتے رہے۔ آج اگر قرآن ہے تو قرآن کا ساتھی ضرور ہوگا عام آدمی بھی نہیں بلکہ وہ عبد جو عترتِ رسول ﷺ ہوگا۔ کیونکہ صحاح ستہ نے رسول اللہ ﷺ کے الفاظ اپنے دامن میں محفوظ کئے ہوئے ہیں کہ یہ دونوں یعنی قرآن و عترتؑ ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہیں ہوں گے۔ یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر میرے پاس آن پہنچیں۔

مسلمان آج ڈھونڈیں قرآن کے اس دوسرے ساتھی کو جو آج بھی قرآن کے ساتھ موجود ہے اور ہے بھی رسول اللہ ﷺ کی عترتؑ۔ اور وہ صرف اور صرف امام محمد مہدیؑ ہی ہیں جن پر آج بھی شب قدر ملائکہ اور روح نازل ہوتے ہیں تمام اُمور لیکر اسی کو قرآن کی اصلاح میں "معصوم" کہتے ہیں۔ اس دوسرے ساتھی کے

بارے ہی 73 فرقوں میں رسول اللہ ﷺ کی متفق علیہ حدیث مبارکہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو مر گیا اور اپنے زمانہ کے امام کی معرفت حاصل نہ کر سکا وہ جاہلیت کی موت مرا۔ اور اسی دوسرے ساتھی کے بارے ہی قرآن نے فرمایا ہے کہ "یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ" کہ قیامت کے دن ہر شخص اپنے زمانہ کے امام کے ساتھ بلایا جائے گا۔ قرآن پاک ہر زمانہ کیلئے ایک ہی ہے۔ جبکہ امام ہر زمانہ کیلئے الگ الگ ہے۔ اس آخری زمانہ کا امام "محمد مہدیؑ" ہیں جو کہ رسول اللہ ﷺ کی عترت ہیں۔ جس کے بارے ہر زمانہ کے علماء کی کتب ان کی آمد و بشارت کے متعلق بھری پڑی ہیں۔ جس کے تذکرہ سے قرآن پاک اپنے اندر بے شمار آیات لئے ہوئے ہے۔ جس کے ظہور پاک کی خبر مسلمان کتب تو اپنی جگہ غیر مسلموں کی مقدس کتب بھی رکھتی ہیں۔ جس کے دشمن کیلئے قرآن پاک نے جہنم کی وعید سنائی ہے۔ جس پر ایمان نہ لانے کے بارے قرآن پاک نے انسان کے تمام اعمال کو برباد ہو جانے کی وعید دی ہے۔ چنانچہ علامہ فخر الدین رازی نے اپنی مشہور زمانہ تفسیر "تفسیر کبیر جلد نمبر 8 پر رقم طراز ہیں کہ سورۃ القدر کے ضمن میں حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ وہ ملائکہ ہم پر نازل ہوتے ہیں۔ یعنی رسول اللہ ﷺ کے بعد اللہ کے نزدیک سب سے بڑے عبد مشیت الٰہی مولا علیؑ ہیں اسی طرح مولا علیؑ کے بعد مولا حسنؑ ہیں، مولا حسنؑ کے بعد مولا حسینؑ ہیں اور یہ سلسلہ چلتے چلتے آج رسول اللہ ﷺ کے آخری جانشین امام مہدیؑ تک آن پہنچا ہے یہ وہی خبر صداقت ہے کہ جو رسول اللہ ﷺ نے اپنی موجودگی میں بتائی تھی کہ میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے۔ یہ حدیث صحاح ستہ میں جلی حروف سے منقش ہے۔ یعنی رسول اللہ ﷺ کے بعد بارہ زمانے اور بارہ امام، بخاری شریف، مسلم شریف، ترمذی، مشکوٰۃ وغیرہ میں یہ حدیث گواہ ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ یہ دین قائم رہے گا جب تک تم پر بارہ خلیفہ نہ ہو جائیں۔ آج اگر دین قائم ہے تو رسول اللہ ﷺ کا خلیفہ ہے اور اگر آج دین قائم نہیں تو پھر بے شک انکار کر دیا جائے کہ رسول اللہ ﷺ کا خلیفہ نہیں ہے۔ صواعق محرقہ میں صفحہ 549 پر یہ حدیث اسی ضمن میں لکھی ہوئی ہے کہ حدیث نبویؐ ہے اگر دُنیا کی عمر میں ایک دن بھی باقی رہ گیا تو اللہ تعالیٰ اُسے اتنا لمبا کر دے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس میں میرے اہلِ بیتؑ میں سے ایک آدمی کو مبعوث کرے گا جس کا نام میرے نام سے اور اس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام سے موافقت رکھے گا۔ وہ زمین کو اس طرح عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ ظلم وجور سے بھری ہوگی۔

اسمائے الٰہی "اَلْکَرِیْمُ"

از تحریر: کاشان رضا نقوی ابھا کری، سیالکوٹ

اس کے معنی کرم کرنے والا، بے انتہاء بخشش کرنے والا، یہ اسم جمالی ہے اور عنصر خاکی ہے اس کا ذکر جو پائے قدرت و منزلت اور متلاشی رزق بیسار کے لئے موذوں ہے۔ اس اسم اعظم کے اندر 2 حروف اسمائے اعظم کے ہیں۔ اور مؤکل اس کا نام مرکیائیل ہے جس کے ماتحت 4 افسر ہیں اور ہر افسر 270 صفوں کا مالک ہے اور ہر صف میں 270 فرشتے ہی اور یہ سب کرم و بخشش کے دینے پر مامور ہیں کریم وہ ہے کہ جس وقت وقادر ہو تو معاف کر دے۔ اور جب وعدہ کرے اس کو وفا کرے اور جب وہ دے تو اس قدر دے کہ غنی کر دے اور یہ باتیں سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی کو طاقت نہیں کہ کرے۔ اس کے کرم کی کوئی انتہاء نہیں کہ کافر وغیر کافر میں فرق نہیں کرتا۔ گو کافر نافرمانیاں کرتے ہیں مگر وہ عذاب میں جلدی نہیں کرتا یہ اس کا خاص کرم ہے کہ جو کوئی ایک نیکی کرے اس کو دس نیکیوں کا ثواب اور جو ایک بدی کرے اس کو صرف ایک بدی کا گناہ ہوتا ہے۔ جب بندہ اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے تو اللہ یہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی ساری برائیوں کو نیکیوں میں بدل دیتا ہے۔

جو شخص اس اسم کی حلوت بجالائے اس کو خیر و کرم نصیب ہو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کرے۔ جن و انس کے شر سے اور اس کو رُعب و کرم عطا کرے اور ابواب اس کے واسطے کھول دیتا ہے۔ اس اسم کو پڑھنے والا بزرگ صفت نیک اخلاق، نرم مزاج سخی اور مخلوق پر احساس کرنے والا ہو جاتا ہے۔ جو شخص اس اسم کو عدد کے موافق پڑھے تو مؤکل مرکیائیل نازل ہو کر اس کی مدد اور حاجت پوری کرتا ہے۔ جو شخص اس کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اس کو بے مشقت رزق دیتا ہے۔ اور فاقہ کرتا ہوگا تو بہت کشادگی ہوگی۔ اگر اسم "وَھَابُ" اور "ذوالطول" بھی ساتھ ملا لئے جائیں یعنی "اَلْکَرِیمُ اَلْوَھَابُ، ذَوالطَّول تو وسعت رزق میں عجائبات کا مشاہدہ کرے۔

۷۸٦

یا جبرائیل

م	ی	ر	ک
۱۹۹	۲۱	۳۹	۱۱
۲۲	۲۰۲	۸	۳۸
۹	۳۷	۲۳	۲۰۱

یا کریم بحق محمدؐ وآل محمدؐ حامل ہذا کے روزق میں وسعت فرما

حضرت امام علی رضاؑ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی مفلسی غریبی کے دن گذار رہا ہو تو اسم الٰہی "اَلْکَرِیمُ" کو 100 مرتبہ روزانہ ورد کرے۔

اگر کوئی اس نقش کو پاس رکھے اور بعد ہر نماز واجب 100 مرتبہ ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے غنی کر دے۔

یا جبرائیل

یا کریم یا وھاب یا ذوالطول یا منعم

مُنعِمُ	ذَوالطَّول	وَھَابُ	کَرِیمُ
وَھَابُ	کَرِیمُ	مُنعِمُ	ذَوالطَّول
ذَوالطَّول	وَھَابُ	کَرِیمُ	مُنعِمُ
کَرِیمُ	مُنعِمُ	ذَوالطَّول	وَھَابُ

یا کریم یا وھاب یا ذوالطول یا منعم

اسمائے عظیم کے صدقے میں حامل کو رزق اور عزت دے

رفتار نقش:

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱٦	۹	٦
۱۰	۵	۴	۱۵

از تحریر: نذیر احمد قادری، سبی

فیصل آباد: قیمت بانڈ: =/40000 بتاریخ: 03-06-2019

اوپن	3-4-6-7	S	F
کلوز	8-6-7-3	32	23
سینٹر	4-6	43	34
بند اوپن	9-2	24	42
تعلق	3-1-7		

	1	
6	-	3
	9	

F	6608	6806
S	3890	8390

مظفرآباد: قیمت بانڈ: =/200

بتاریخ: 17-06-2019

اوپن	0-8-7-9	S	F
کلوز	9-5-0	12	11
سینٹر	0-2	41	14
تعلق	3-0-2	21	97
بند اوپن	1-6-9		

	6	
7	-	9
	1	

F	3012	3021
S	1819	1891

فیصل آباد: قیمت بانڈ: =/40000 کا فسٹ تعلق معلوم کرنا

40,000 فیصل آباد کا سابقہ ڈرا کا چوتھا فگر سے دو فگر زیادہ بڑھا دیں اور اُن کے گھر لے لیں۔

کامیاب تعلق			
4	7-8-9-4-2-3	7	559700
0-9	4-5-6-9-0-1	4	143421
1	5-6-7-0-1-2	5	099528
6-1	0-1-2-5-6-7	0	188024
5	8-9-0-3-4-5	8	615846
2-4	2-3-4-7-8-9	2	510271
؟؟	0-1-2-5-6-7	0	247043

مظفر آباد: قیمت بانڈ: =/200 کا تعلق معلوم کرنا

200 مظفر آباد کا سابقہ ڈرا کا چوتھا فگر سے **2** فگر بڑھا لیں اور اُن کے گھر لیں۔

کامیاب تعلق			
2	6-7-8-1-2-3	6	688689
4	2-3-4-7-8-9	2	421278
9	8-9-0-3-4-5	8	443829
5	9-0-1-4-5-6	9	296944
5	9-0-1-4-5-6	9	359978
؟؟	7-8-9-2-3-4	7	598752

جون 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

5	6
1	2

تاریخ: 03-06-2019
دن: پیر
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: -/40,000

6	1
4	0

تاریخ: 17-06-2019
دن: پیر
شہر: مظفر آباد
مالیت بانڈ: -/200

جون 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	04 جون	16 بجکر 10 منٹ سے لے کر 17 بجکر 00 منٹ تک
2	08 جون	14 بجکر 15 منٹ سے لے کر 15 بجکر 00 منٹ تک
3	10 جون	09 بجکر 00 منٹ سے لے کر 10 بجکر 00 منٹ تک
4	19 جون	11 بجکر 00 منٹ سے لے کر 12 بجکر 00 منٹ تک
5	21 جون	15 بجکر 00 منٹ سے لے کر 16 بجکر 00 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0		01			04		06			09	046	091
1			12		14	15	16			19	142	159
2		21			24	25	26			29	241	265
3	30		32					37	38		320	387
4	40	41	42			45	46			49	425	496
5		51	52		54		56				521	564
6	60	61	62		64					69	624	690
7		71		73		75		77	78		735	787
8	80		82	83			86			89	823	890
9	90	91			94		96				910	964

تاریخ: 03-06-2019
دن: پیر
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: -/40,000

14	21	15	65
51	65	26	25

تاریخ: 17-06-2019
دن: پیر
شہر: مظفر آباد
مالیت بانڈ: -/200

06	09	69	01
19	49	94	90

5
6 4 2
1

6
4 0 1
9

تاریخ: 03-06-2019
دن: پیر
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: 40,000/-

762148

84	76
21	14

تاریخ: 17-06-2019
دن: پیر
شہر: مظفر آباد
مالیت بانڈ: 200/-

172895

17	28
95	89

3178-3475

317
347
695
748
784
789
835

5	8
3	9

(4)

31
34
69
74
78
83

7845-7890

3178-3189

317
318
328
324
784
789

4	8
3	9

(2)

31
32
34
69
78

3249-3245

فیصل آباد	مالیت بانڈ: 40000/-	تاریخ: 03-06-2019				
91	62	59	34	26	01	(بونس) 6219

مظفر آباد	مالیت بانڈ: 200/-	تاریخ: 17-06-2019				
90	78	62	40	32	14	(بونس) 8269

فیصل آباد	تاریخ: 03-06-2019	189/369 =698
مالیت بانڈ: 40000/-		420/901 =904
مظفر آباد	تاریخ: 17-06-2019	428/091 =241
مالیت بانڈ: 200/-		596/869 =896

2012

2013

2014

2015

2016

2017

2018

ہماری دعا ہے کہ آپ اِن لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

آپکا ماہِ جون 2019ء کیسا رہے گا ?

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٰهٰیٰعٰصٰ بِحَقِّ حٰمٰعٰسٰقٰ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اِحْفَظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّحَلِ وَالزُّهْرَهِ وَالْعَطَارِدِ وَالْمِرِّیْخِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ o اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔

دعا گو عامل شاہ زنجانی

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظرانداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری									
ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

astrology June

ARIES

21Marc
20April
حمل

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ چوتھے رہتے ہوئے خانگی اُمور میں خاص توجہ جبکہ جائیداد کی خرید وفروخت میں بھی مالی فائدہ ممکنات میں سے ہوسکے۔ **15,14** جون مریخ نیپچون تثلیث کے باعث حقائق کے مطابق فیصلے کرنے کی قابلیت مقاصد کے حصول کیلئے رسک لینے فائدہ مند جبکہ جذبات کی بھرپور عکاسی۔نت نئے آئیڈیاز کام میں جدت پیدا کرسکیں۔**19,18** جون مریخ عطارد قران سے مسائل کا حل ممکنات میں سے ہل سکے۔کام میں بہتری تکنیکی صلاحیتیں نکھر سکیں۔**21,20** جون مریخ پلوٹو مقابلہ کے باعث جنسِ مخالف کے دامِ فریب میں آنے سے بچیں اور مثبت حکمت عملی سے حالات میں کنٹرول برقرار رہے۔

پہلا ہفتہ: اہم امور میں احتیاط برتیں۔کاروباری امور میں توجہ اور سنجیدگی اختیار کریں۔اچانک کسی مسئلے کا سامنا ہوسکتا ہے۔جس سے کام میں سستی آئیگی صحت جسمانی کا بھی خیال رکھیں۔اخراجات بڑھنے کی وجہ سے بجٹ متاثر ہوسکتا ہے۔دوسروں کے ساتھ سیاسی حکمت عملی اپنائیں۔دوستی اور رومانس بدلنے کا امکان ہے۔گھریلو معاملات میں توجہ دیں۔

دوسرا ہفتہ: کام کی زیادتی مصروف رکھے گی۔شادی کے خواہاں غیر شادی شدہ افراد کی بات آگے بڑھ سکے گی۔غیر ضروری بحث ومباحثہ سے گریز کریں۔جذباتی امور میں محتاط رہیں۔دوسروں سے اختلاف رائے کا خدشہ ہے۔ٹھوس سرمایہ کاری کے مواقع ملیں گے۔باتوں سے زیادہ عملی کام پر دھیان دیں۔حسب توفیق صدقہ خیرات بھی دیں۔

تیسرا ہفتہ: خیالات میں جدت آئے گی۔دوسروں کو اپنے خیالات سے آگاہ کرنے کا موقع ملے گا۔خاندانی اجتماعی محفل سے لطف اندوز ہوں گے۔ عزیز واقارب سے تعلقات بحال ہوں گے۔تعلیمی امور میں دلچسپی رہیگی۔اِس سلسلے میں سفر پیش آسکتا ہے۔ذاتی امور میں خوشی نصیب ہوگی۔اہم امور حسب منشاء طے پائیں گے۔مالی امور پر توجہ دیں۔

چوتھا ہفتہ: سماجی سرگرمیوں میں شرکت کرسکیں گے۔عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا۔کام کے سلسلے میں نئے معاہدے عمل میں آئیں گے۔مالی لین دین کرتے وقت حاضر دماغی سے کام لیں۔اہم فیصلے کرسکیں گے۔گھریلو معاملات سلجھانے کا موقع ملے گا۔رومانوی امور میں خوشی نصیب ہوگی۔ذمہ داریوں اور فرائض میں خاص توجہ دیں۔شریک کار سے تعاون کریں۔اپنی محنت کا خیال رکھیں۔

سعد تواریخ: کیم،**29,24,18,14,10** جون **نحس تواریخ: 27,19,12,5** جون

TAURUS

21April
21May
ثور

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ کیم تا **9** جون طالع میں ہوتے ہوئے ذہنی تقویت وتخلیقی صلاحیتیں نکھر سکیں۔قوت فیصلہ مستحکم اور دوسروں سے محبت بڑھے۔**10** تا **30** جون زہرہ خانہ مال میں رہتے ہوئے آمدن کے وسائل بڑھ سکیں۔مالی مشکلات کا حل ممکنات میں سے رہے۔**4,3** جون زہرہ پلوٹو تثلیث سے دوسروں کے ساتھ حالات میں بہتری اور تجدید مراسم ممکن ہوسکے۔مقاصد کے حصول کیلئے مل کر کام کریں اور شراکتی رجحان بڑھے۔**24,23** جون زہرہ مشتری مقابلہ کے باعث حالات میں حقیقت رہے تو مثبت بہتری آسکے۔غلط تعین اور بغیر مشاورت فیصلے مسائل کا پیش خیمہ ثابت ہوں۔**25,24** جون زہرہ نیپچون تربیع کے باعث عشق ومحبت کے اُمور حساس اور کام میں خامیوں کا اندیشہ محتاط رہیں۔

پہلا ہفتہ: بچوں کے مستقبل کی منصوبہ بندی کرسکیں گے۔اس سلسلے میں مخلص احباب سے مشورہ مفید رہیگا۔روزمرہ معمولات میں مصروف رہیں گے۔ ترقیاتی سکیموں میں رجحان ہوگا۔چھوٹے سفر کا امکان ہے۔تفریحی پروگرام سے لطف اندوز ہوسکیں گے۔صحت' ملازمت اور سفر کے امور توجہ طلب ہونگے۔ خواہشات کی تکمیل کیلئے کوشاں رہیں گے۔نئے معاہدے زیر غور رہیں گے۔

دوسرا ہفتہ: خریداری کا موقع ملے گا۔ضروریات کی چیزوں کی خریداری کرسکیں گے۔اہم میٹنگ وغیرہ میں شرکت کرسکیں گے۔اہم ٹیلی فون کالز موصول ہوسکتی ہیں' تحریری معاہدے عمل میں آئینگے' اجتماعی کاموں میں حصہ لینے کا موقع ملے گا۔محنت اور توجہ سے کامیابی حاصل کرسکیں گے۔ترقی کی نئی راہیں استوار ہونگی۔پرانے مسائل سر اُبھاریں گے۔

تیسرا ہفتہ: جائیداد سے متعلقہ امور تسلی بخش رہیں گے۔مالی پوزیشن بہتر ہوگی۔اعتماد بحال ہوگا۔گھریلو معاملات میں مصروفیت رہے گی۔صحت سے متعلقہ معاملات سے غفلت نہ برتیں۔معاملات میں خوشگوار تبدیلی محسوس کرسکیں گے۔ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے نبھاسکیں گے۔جذباتی امور میں احتیاط برتیں۔خاص طور پر عزیز واقارب سے متعلق معاملات میں احتیاط برتیں۔

چوتھا ہفتہ: نئے اور مختلف تجربات ہوسکیں گے۔رومانس کا موقع ملے گا۔بعض امور کے متعلق سوالات ذہن میں اُبھرسکیں گے۔خواہشات کو عملی شکل مل سکے گی۔دوستوں کا تعاون مددگار ثابت ہوگا۔صحت کے امور کے متعلق مختلف معلومات حاصل ہونگی۔خیالات میں بہتر آئے گی۔ڈرائیونگ کرتے وقت تیز رفتاری کا مظاہرہ نہ کریں، کسی حادثہ کا اندیشہ ہے، محتاط رہیں۔

سعد تواریخ: 28,27,21,11,6,3,2 جون **نحس تواریخ: 24,16,9** جون

Gemini — جوزا

22May
21June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 4 جون طالع جبکہ 5 تا 27 جون خانہ مال اور 28 تا 30 جون تیسرے رہتے ہوئے اس ماہ ملے جلے حالات اور بالخصوص مضبوط قوتِ فیصلہ اور آمدن کے وسائل بڑھیں جبکہ سفر وسیلہ ظفر اور عزیز و اقارب اور بہن بھائی تعاون کرسکیں۔ 8,7 جون عطارد یورانس تسدیس سے تجرباتی رویہ، تکنیکی مہارت اور سوچ مثبت رہے۔ 17,16 جون عطارد نیپچون تثلیث سے تخیل کو حقیقت کا رنگ دینے کی قابلیت وسعت نظری سے حالات میں بہتری لاسکیں۔ 17,16 جون عطارد زحل مقابلہ سے کام میں تاخیر کا اندیشہ، تنگ نظری سے گریز کریں تو کام میں بہتری رہے۔ 19,18 جون عطارد مریخ قران کے باعث کام میں تیزی معیار میں بہتری، مسائل کا مثبت حل مشاورت سے ملے۔

پہلا ھفتہ: یکم کو آپ اپنے آپکو بہت پرسکون محسوس کریں گے۔ ملنے والی کوئی بری خبر بھی آپکو ذہنی طور پر متاثر نہیں کرے گی اپنے صدقات بڑھائیں۔ ذمہ داریاں نبھانے کی کوشش کریں گے۔ نجی امور میں کامیابی نصیب ہوگی۔ ذہنی صلاحیتیں اُجاگر ہوں گی۔ ہم خیال افراد سے تبالہ خیال کرنا مفید رہے گا سرمایہ کاری کے مواقع ملیں گے۔ رومانوی امور میں اظہار خیال کرسکیں گے۔

دوسرا ھفتہ: زیرغور منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے متعلقہ لوگوں سے تبادلہ خیال کرسکیں گے۔ میٹنگ نتیجہ خیز ثابت ہوگی۔ مختلف لوگوں سے ملاقات ہوسکے گی۔ مہمانوں کی آمدورفت لگی رہیگی۔ حالات کا مقابلہ کرسکیں گے۔ قوت ارادی میں اضافہ ہوگا۔ ترقی کا رجحان رہے گا۔ اعتماد کرتے وقت خاص احتیاط برتیں۔ کیرئیر کے لیے کی گئی کوششیں بھی کامیابی سے ہمکنار ہوں۔

تیسرا ھفتہ: عملی کاموں میں مصروفیت رہے گی۔ سماجی سرگرمیاں عروج پر ہونگی۔ بعض منصوبوں میں اچانک کسی تبدیلی کا امکان ہے۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ رومانس کا موقع ملے گا۔ کام کے دوران محتاط رہیں۔ حکام بالا کا تعاون رہیگا۔ عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہونگے۔ دوسروں کے ساتھ اخلاق سے پیش آئیں۔ کسی قریبی ساتھی کے ساتھ وقت گزارنا بہتر ہے۔ نئی سرمایہ کاری کرنے سے گریز کریں۔

